ABC CERTIFEID
وفاقی دارلحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول وکثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily
SHEHAR NAMA
Islamabad

روزنامہ
شہرنامہ
اسلام آباد

ایڈیٹر انچیف
راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر
اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 07 | ہفتہ 28 نومبر 2026ء 16 جمادی الثانی 1448ھ صفحات 4 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 79
فون 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

http://www
لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہرنامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں

قارئین اپنا پسندیدہ اخبار "شہرنامہ"
اب انٹرنیٹ ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper
www.dailysheharnama.com

شجاعت سے ملاقات
ملک کی بہتری کیلئے سب کو ملکر چلنا چاہیئے
صدر زرداری

صدر مملکت کی ظہور پیلس آمد، سربراہ ق لیگ کی جلد صحتیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار، ملاقات میں قومی معاملات اور ملک کی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا

ملاقات میں وزیرداخلہ محسن نقوی، سابق وزیراعظم راجہ پرویز اشرف، چوہدری سالک بھی موجود، شریک رہنماؤں کی وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقاتیں بھی متوقع

لاہور (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری نے سابق وزیر اعظم چوہدری شجاعت حسین سے ان کی رہائشگاہ پر ملاقات کی اور ان کی جلد صحتیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ملاقات میں قومی معاملات اور ملک کی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ ملک کی بہتری کے لیے سب کو مل کر چلنا چاہیے، چوہدری صاحب آپ کی بات سے اتفاق کرتا ہوں۔ ملاقات میں گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور چوہدری سالک حسین، صوبائی وزیر چوہدری شافع حسین، سابق وزیر اعظم راجہ پرویز اشرف، بیرسٹر سلیم مانڈوی والا اور ڈاکٹر عاصم بھی شریک تھے۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں شریک رہنماؤں کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے وزیر ریلوے حنیف عباسی ملاقات کر رہے ہیں

پیٹرول 1 روپے لیٹر سستا، ڈیزل کی قیمت برقرار

پیٹرول کی نئی قیمت 312 روپے فی لیٹر، ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت 346 روپے فی لیٹر مقرر

اطلاق آئندہ 3 روز کیلئے ہوگا، آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) حکومت نے اگلے 3 روز کے لیے پیٹرول کی قیمت میں کمی اور ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت برقرار رکھا ہے اور آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا ہے۔ ترجمان اوگرا کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین وفاقی حکومت کے منظور کردہ پرائسنگ میکنزم کے تحت کیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ حکومت نے پیٹرول کی قیمت میں ایک روپے فی لیٹر کمی کر دی ہے، جس کے بعد پیٹرول کی نئی قیمت 312 روپے فی لیٹر مقرر کر دی گئی ہے۔ اوگرا نے ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت تین روز کے لیے برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا ہے اور گزشتہ روز ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت 346 روپے فی لیٹر مقرر کی گئی تھی۔ یاد رہے کہ حکومت نے گزشتہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

ایشیائی ترقیاتی بینک پاکستان کیلئے 468 ملین ڈالر کے دو رعایتی قرضوں کی منظوری

خیبر پختونخوا میں 208 ملین ڈالر کی مالی معاونت سے ریزیلیئنٹ اریگیٹڈ ایگریکلچر لائیولی ہڈز ڈویلپمنٹ پراجیکٹ شروع کیا جائیگا

منصوبے غذائی تحفظ کو مضبوط بنانے کیساتھ بڑھتے ماحولیاتی دباؤ اور موسمیاتی تبدیلی اثرات سے نمٹنے میں کردار ادا کرینگے، کنٹری ڈائریکٹر

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) نے پاکستان میں آبی وسائل اور زرعی انتظام کو بہتر بنانے، موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کے لیے مقامی آبادی کی استعداد بڑھانے، دیہی روزگار کے مواقع میں اضافے اور غذائی تحفظ کو مضبوط (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

مکہ دفاعی اتحاد کی سٹریٹجک پولیٹیکل اینڈ ڈیفنس کمیٹی کا اجلاس
تعاون بڑھانے پر اتفاق
علاقائی تنازعات کے پرامن حل کیلئے مذاکرات کو فروغ دینے کے عزم کا اعادہ

تینوں ممالک نے مشترکہ دفاع، باہمی یکجہتی اور ہر ملک کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے احترام سمیت مکہ معاہدہ برائے مشترکہ دفاع کے اصولوں اور مقاصد سے اپنی وابستگی کا اعادہ کیا

اجلاس تین برادر ممالک کے درمیان دیرینہ دوستی اور یکجہتی کے مضبوط رشتوں کی علامت ہونے کیساتھ علاقائی اور عالمی امن وسلامتی کے لئے پاکستان کی مسلسل کوششوں کا مظہر ہے، اسحاق ڈار

اسلام آباد (اے پی پی) پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ نے علاقائی امن، سلامتی اور استحکام کے لئے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے، باہمی دفاعی تعاون کو مزید مستحکم بنانے اور علاقائی تنازعات کے پرامن حل کے لئے مذاکرات اور سفارتکاری کو فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ یہ عزم جمعہ کو پاکستان کی میزبانی میں مکہ دفاعی اتحاد کی سٹریٹجک پولیٹیکل اینڈ ڈیفنس کمیٹی کے دوسرے اجلاس میں کیا گیا۔ اجلاس میں تینوں برادر ممالک نے خطے کی بدلتی ہوئی سکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیا اور مشترکہ دفاع، باہمی یکجہتی اور ایک دوسرے کی خودمختاری و علاقائی سالمیت کے احترام سمیت مکہ دفاعی معاہدہ کے اصولوں اور مقاصد سے اپنی وابستگی کا اعادہ کیا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے اجلاس کے بعد پریس بریفنگ میں بتایا کہ پاکستان کی جانب سے انہوں نے وزیر دفاع خواجہ محمد آصف اور چیف آف ڈیفنس فورسز و چیف آف آرمی سٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے ہمراہ اجلاس میں شرکت کی۔ انہوں نے بتایا کہ سعودی عرب کے اعلیٰ سطح کے وفد میں وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان بن عبدالعزیز السعود، وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان السعود اور سعودی مسلح افواج کے چیف آف جنرل سٹاف جنرل فیاض بن حامد الرویلی شامل تھے جبکہ ترکیہ کے وفد میں وزیر خارجہ حاقان فیدان، وزیر قومی دفاع یاسر گولر اور چیف آف جنرل سٹاف جنرل سلجوک بائراکتار اوغلو شریک ہوئے۔ نائب وزیراعظم نے معزز مہمانوں کی پاکستان آمد پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ سٹریٹجک پولیٹیکل اینڈ ڈیفنس کمیٹی کے اجلاس میں خطے کی بدلتی ہوئی سکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیا گیا اور تینوں ممالک نے علاقائی امن، سلامتی اور استحکام کے لئے مشترکہ طور پر کام جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ تینوں ممالک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

اسلام آباد، مکہ دفاعی معاہدہ اسٹریٹجک پولیٹیکل اینڈ ڈیفنس کمیٹی کے اراکین وزیراعظم شہباز شریف کے ہمراہ ہاتھوں میں ہاتھ لیے اظہار یکجہتی کر رہے ہیں

لاہور، صدر مملکت آصف علی زرداری سربراہ ق لیگ چوہدری شجاعت سے ملاقات کر رہے ہیں

پنجاب پیراگلائیڈنگ چیمپئن شپ کا افتتاح
حکومت سدا نہیں رہتی، اقتدار سے زیادہ عارضی کچھ بھی نہیں
مریم نواز

پیراگلائیڈنگ میں 250 پائلٹس شرکت کرینگے، پنجاب میں میرٹ کی حکمرانی، قابلیت کا کوئی صوبہ، ہنرمندی کی سرحد نہیں ہوتی

فنڈز کی متوازن تقسیم یقینی بنائی جا رہی ہے، چکوال میں سکالرشپس، لیپ ٹاپس تقسیم کی تقریب سے خطاب

چکوال (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے چکوال میں پنجاب پیراگلائیڈنگ چیمپئن شپ 2026 کا افتتاح کر دیا۔ پنجاب میں پہلی پیراگلائیڈنگ چیمپئن شپ 25 سے 29 نومبر تک جاری رہے گی، جس میں 20 ممالک کے 250 پائلٹس شرکت کریں گے۔ سالٹ رینج کی فضاؤں میں 6 براعظموں سے تعلق رکھنے والے پائلٹس پیراگلائیڈنگ کے فن کا مظاہرہ کریں گے۔ مریم نواز شریف کا کہنا تھا کہ پنجاب کو ایڈونچر ٹورازم کا عالمی مرکز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

بیجنگ، وفاقی وزیر احسن اقبال وائس چیئرمین چائنہ نیشنل ڈویلپمنٹ ریفارم کمیشن کو کتابچہ پیش کر رہے ہیں

غیر ملکی وفود کی آمدورفت، اہم شاہراہوں پر ٹریفک راستوں میں تبدیلی

اسلام آباد (صباح نیوز) ترجمان اسلام آباد پولیس کے مطابق غیر ملکی وفود کی آمدورفت کے سلسلے میں 27 نومبر 2026 کو شہر کی اہم شاہراہوں، بالخصوص ایکسپریس ہائی وے اور سری نگر ہائی وے پر مختلف مقامات پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

آج مولانا، کل ن لیگ اور پیپلز پارٹی کی باری آئیگی، گنڈاپور

جب ہماری جماعت کو دیوار سے لگایا گیا تو سب چپ رہے، سابق وزیراعلیٰ کے پی

پشاور (بیورو رپورٹ) سابق وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور کا کہنا ہے کہ مولانا فضل الرحمان کے ساتھ آج جو کچھ ہو رہا ہے یہ پہلے سے طے تھا، آج مولانا کی باری آئی کل ن لیگ اور پیپلز پارٹی سمیت سب کی باری آئے گی۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو میں علی امین گنڈاپور نے کہا کہ جب ہماری جماعت کو دیوار سے لگایا گیا تو سب چپ رہے، ہمیشہ قانون کی بات کرتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

جرمن کمپنی کا پاکستان کیلئے فضائی آپریشنز شروع کرنے کا اعلان

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) ملکی ایوی ایشن انڈسٹری میں اہم پیشرفت، جرمن ایئرلائن یو ایس سی نے پاکستان میں فضائی آپریشنز شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی (پی سی اے اے) نے جرمن کمپنی یو ایس سی جی ایم بی ایچ کی نامزدگی قبول کرلی

5 لاکھ گھروں کی تعمیر کیلئے نوجوانوں کو ڈھائی کروڑ تک لون ملے گا

قرض کی حد 75 لاکھ روپے سے زیادہ اور 2 کروڑ 50 لاکھ روپے تک کر دی گئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) شہباز شریف حکومت نے نوجوانوں کے لیے اہم فیصلہ کرتے ہوئے وزیراعظم یوتھ بزنس و ایگریکلچر لون اسکیم کی بالائی حد 233 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

وزیراعظم سے وزرائے توانائی اور ریلوے کی ملاقاتیں

ملاقاتوں میں ترقیاتی منصوبوں پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر پاور سردار اویس لغاری اور وفاقی وزیر ریلوے نے الگ الگ ملاقاتیں کیں، جن میں پاکستان روس دوطرفہ تعاون، توانائی کے شعبے سے متعلق امور، ریلوے کے جاری اور مجوزہ ترقیاتی منصوبوں اور ان پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعظم نے ریلوے کے ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

کراچی، بنگلہ دیش کا اعلیٰ سطحی پارلیمانی وفد قائداعظم کے مزار پر حاضری کے دوران پھول پیش کر رہا ہے

ایس ایم ایز کیلئے قرض حصول آسان بنانے کی ہدایت

وزیراعظم نے بینکوں کو 2 ہزار ارب روپے قرضوں کا ہدف دے دیا

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار (ایس ایم ایز) کو قرضوں کی فراہمی کا طریقہ کار آسان بنانے، مالی وسائل تک رسائی بہتر بنانے اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے متعلقہ اداروں اور بینکوں کو موثر اقدامات کرنے کی ہدایت کی ہے۔ وزیراعظم نے کہا ہے کہ ایس ایم ایز ہماری معیشت کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

ایم کیو ایم کو 29 نومبر کی ریلی اور جلسے کی اجازت نہ دینے کا فیصلہ

امن صورتحال اور ممکنہ تصادم کے خدشے کے پیش نظر فیصلہ کیا گیا، سندھ حکومت

کراچی (صباح نیوز) محکمہ داخلہ سندھ نے امن وامان کی صورتحال کے پیش نظر متحدہ قومی موومنٹ پاکستان (ایم کیو ایم) کو 29 نومبر کو ریلی اور جلسے کی اجازت نہ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ محکمہ داخلہ سندھ کے مطابق ایم کیو ایم پاکستان نے 29 نومبر کو شارع فیصل پر ریلی نکالنے اور مزار قائد سے متصل باغ جناح میں جلسہ منعقد کرنے کی اجازت طلب کی تھی۔ اس سلسلے میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

مولانا تصادم چاہتے ہیں، پاکستان یا طالبان؟ انہیں ایک کا انتخاب کرنا ہوگا
عطا تارڑ

مشرف کا ایل ایف او منظور کرانے والے فضل الرحمان آج ایک جمہوری حکومت کے ریفرنڈم کو غلط قرار دے رہے ہیں

مولانا عسکری جماعت کی طرح برتاؤ کر رہے ہیں، انہیں ایک قدم پیچھے ہٹ کر راستے نکالنے چاہئیں، وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان کا احتجاج کوئی اتنی بڑی بات نہیں، معمولی ٹریفک جام ہوتے رہتے ہیں تاہم مولانا فضل الرحمان کی جماعت کے لوگ بھی انہیں سمجھا رہے ہیں لیکن وہ تصادم چاہتے ہیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کو فیصلہ کرنا ہوگا کہ انہیں پاکستان کے ساتھ کھڑا ہونا ہے یا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

سیکرٹری خارجہ عاصم افتخار کی ملازمت میں 2 سالہ توسیع کی منظوری

آئندہ دو سال تک سیکرٹری خارجہ کے منصب پر ذمہ داریاں جاری رکھیں گے

اسلام آباد (صباح نیوز) صدر مملکت آصف علی زرداری نے سیکرٹری خارجہ عاصم افتخار احمد کی ملازمت میں مزید دو سال کی توسیع کی منظوری دے دی ہے۔ صدر مملکت نے عاصم افتخار احمد کے نئے دو سالہ کنٹریکٹ کی منظوری دی ہے، جس کے بعد انہیں مزید دو سال تک خدمات انجام دینے کی اجازت مل گئی ہے۔ اس فیصلے کے تحت عاصم افتخار احمد آئندہ دو سال تک سیکرٹری خارجہ کے منصب پر اپنی ذمہ داریاں جاری رکھیں گے۔

حکومت نے شاہراہیں بند کر کے پاؤں پر کلہاڑی ماری، مشاہد حسین

اسلام آباد (صباح نیوز) سینیٹر مشاہد حسین سید نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان کا سرگودھا میں جلسہ روکنے کی کوشش میں حکام نے پنجاب کی بیشتر سڑکیں اور شاہراہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

پاکستان کا عالمی جوہری سلامتی تعاون مضبوط بنانے کا عزم

این ایس ایس سی نیٹ ورک کا 15 واں سالانہ اجلاس اسلام آباد میں اختتام پذیر

اسلام آباد (صباح نیوز): پاکستان نے جوہری سلامتی کے شعبے میں بین الاقوامی تعاون مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس شعبے میں پائیدار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

NATIONAL FRAMEWORK
#16DAYS

اسلام آباد، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ، برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ و دیگر کا نیشنل تقریب کے اختتام پر شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

پاک ترکیہ، سعودیہ دفاعی معاہدہ سے متعلق اجلاس میں فیلڈ مارشل عاصم منیر، ترک، سعودی وزرائے خارجہ سمیت دیگر شخصیات شریک ہیں

ملک بھر میں نئے صوبوں کے قیام کا مطالبہ زور پکڑ گیا

کراچی (نیوز ایجنسیاں) کراچی، بہاولپور اور بلوچستان سمیت پاکستان بھر کے شہریوں نے بہتر انتظامی نظام کیلئے نئے صوبوں کے قیام کو ناگزیر قرار دے دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق شہریوں کا کہنا ہے کہ نئے صوبے بننے سے ہی ترقی کو موقع ملے گا۔

لیبیا، پاکستانی تارکین کی کشتی ڈوبنے کی اطلاعات ہیں: دفتر خارجہ

دعا ہے حادثہ کی اطلاعات درست نہ ہوں، پاکستانی سفارتخانہ متحرک، ترجمان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ترجمان دفتر خارجہ نے بتایا ہے کہ لیبیا کے ساحل پر پاکستانی تارکین وطن کی کشتی ڈوبنے کی اطلاعات ہیں تاہم واقعہ کی آزادانہ طور پر تصدیق نہیں ہو سکی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق امید اور دعا ہے کہ حادثے سے متعلق اطلاعات درست نہ ہوں، پاکستانی شہریوں کی موجودگی کی تصدیق کے لیے طرابلس میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

اسلام آباد، وزیر مملکت وجیہہ قمر سے آذربائیجان کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

مولانا فضل الرحمان نے خود گرفتاری دیدی، احتجاج جاری رکھنے کا اعلان

فضل الرحمان نے کارکنوں سے خطاب کے دوران خود اپنی گرفتاری کا اعلان کیا، گرفتار یا نظر بند نہیں کیا، لاہور پولیس

مولانا خواجہ خلیل احمد نے قائم مقام مرکزی امیر کی ذمہ داری سنبھال لی، ملک بھر کے ضلعی ہیڈکوارٹرز پر احتجاجی مظاہرے

سرگودھا (نیوز ایجنسیاں) جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کو جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب گرفتار کر لیا گیا۔ مولانا فضل الرحمان نے کارکنوں سے خطاب کے دوران خود اپنی گرفتاری کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ پولیس حکام انہیں حراست میں لے چکے ہیں۔ گرفتاری کے اعلان کے ساتھ ہی مولانا فضل الرحمان نے ملک بھر میں جاری دھرنے نماز جمعہ تک ملتوی کرنے کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

غزہ پر اسرائیلی بمباری، دو بچیوں سمیت 4 فلسطینی شہید

شہر کے مغربی علاقے میں ایک رہائشی اپارٹمنٹ کو نشانہ بنایا گیا، عرب میڈیا

غزہ (مانیٹرنگ ڈیسک) اسرائیلی فوج نے غزہ کے الشاطی پناہ گزین کیمپ پر بمباری کی جس کے نتیجے میں دو بچیوں سمیت 4 فلسطینی شہید اور متعدد زخمی ہو گئے۔ عرب میڈیا کے مطابق غزہ شہر کے مغربی علاقے میں ایک رہائشی اپارٹمنٹ کو نشانہ بنایا گیا، حملے میں قریبی مکانات اور بے گھر فلسطینی خاندانوں کے خیموں کو بھی نقصان پہنچا۔ الشفا ہسپتال انتظامیہ کے مطابق شہدا میں دو بچیاں بھی شامل ہیں جبکہ متعدد زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا گیا ہے۔ اسرائیلی فوج نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

وزیرداخلہ کا فائر بریگیڈ سٹیشن کا دورہ، گاڑیوں کا معائنہ

فائر بریگیڈ سٹیشن سے فائر فائٹنگ گاڑی روانہ ہونی چاہیے، وزیرداخلہ کی ہدایت

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اسلام آباد میں سی ڈی اے کے فائر بریگیڈ سٹیشن کا دورہ کیا اور وہاں موجود فائر فائٹنگ گاڑیوں کا معائنہ کیا۔ وزیر داخلہ نے کال سنٹر کا بھی دورہ کیا اور عملے کی موجودگی اور کارکردگی پر انہیں شاباش دی۔ محسن نقوی ڈرائیور کے ساتھ سکائی لفٹ گاڑی میں بیٹھے اور فائر بریگیڈ سٹیشن سے ایف 11 تک گاڑی کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

اسلام آباد، وفاقی وزیر احد چیمہ سے نائب صدر آئی ایف سی ملاقات کر رہے ہیں

پشاور، جے یو آئی کے 16 رہنماؤں کارکنوں کے خلاف ایف آئی آر درج

پشاور (نیوز ایجنسیاں) جمعیت علمائے اسلام کے موٹروے ٹول پلازے کے قریب احتجاج کے حوالے سے جے یو آئی کے 16 رہنماؤں اور کارکنوں کے خلاف ایف آئی آر درج کر لی گئی۔ پولیس نے کہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

مریم نواز کے ماحولیاتی اقدامات کا عالمی سطح پر اعتراف

نوبل سسٹین ایبلٹی ٹرسٹ کی وزیراعلیٰ پنجاب کو میلے میں شرکت کی دعوت

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب کے ماحولیاتی اقدامات کا عالمی سطح پر اعتراف کر لیا گیا۔ نوبل سسٹین ایبلٹی ٹرسٹ نے مریم نواز شریف کو سالانہ میلے میں شرکت کی دعوت دے دی۔ مریم نواز 30 نومبر کو ہانگ کانگ میں ہونے والے میلے میں شرکت کریں گی۔ ٹرسٹ نے پنجاب میں فضائی آلودگی کے خاتمے، جنگلات اور جنگلی حیات کے تحفظ کیلئے حکومتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

پروپیگنڈہ بے نقاب، وزیراعلیٰ کو جہاز کیلئے کسی اجازت کی ضرورت نہیں
عظمیٰ بخاری

پہلی مرتبہ کسی وزیراعلیٰ کو نوبل پرائز کے لئے سرکاری طور پر مدعو کیا گیا ہے، جھوٹے شور شرابے سے کوئی فرق نہیں پڑتا

مریم نواز فیملی کے ہمراہ ہانگ کانگ جا رہی ہیں نہ ہی نجی دورہ ہے، بغیر تحقیق بات نہیں کرنی چاہیے، طارق کی پوسٹ پر ردعمل

لاہور (صباح نیوز) پنجاب کی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے مریم نواز کے دورہ ہانگ کانگ اور برطانیہ کے لیے گلف اسٹریم جہاز لے جانے کی اجازت نہ ملنے کے الزام کی تردید کی ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر صحافی طارق عزیز کی پوسٹ کا جواب دیتے ہوئے عظمیٰ بخاری نے کہا "طارق صاحب نے جھوٹی خبر ڈیلیٹ کر دی ہے، لیکن افسوس ہے بنا تحقیق باتیں کر دی جاتی ہیں، پہلی بات جہاز کے لئے کسی اجازت کی ضرورت نہیں ہے دوسرا وزیراعلیٰ کسی فیملی کے ہمراہ ہانگ کانگ نہیں جا رہیں نہ ہی نجی دورہ ہے۔ پہلی مرتبہ کسی وزیراعلیٰ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

جمعیت علما اسلام کے زیر اہتمام سکھر پریس کلب کے سامنے پارٹی کارکنوں کی گرفتاریوں کے خلاف احتجاج کیا جا رہا ہے

شیخ حسینہ کے گرفتار 3 معاون دہشتگردی مقدمہ میں جیل روانہ

نائب پریس سیکرٹری کے سمیت سابق ڈی سی اور ٹیکس وکیل بھی گرفتار افراد میں شامل

ڈھاکہ (صباح نیوز) بنگلہ دیش میں معزول وزیراعظم شیخ حسینہ واجد کے سابق نائب پریس سیکرٹری کے ایم شفاعت مون سمیت تین افراد کو دہشت گردی کے مقدمے میں عدالت نے جیل بھیجنے کا حکم دے دیا۔ بنگلہ دیشی اخبار ڈیلی اسٹار کے مطابق ڈھاکا میٹروپولیٹن مجسٹریٹ کمال الدین نے پولیس کی جانب سے تینوں ملزمان کو عدالت میں پیش کیے جانے اور ان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

خیبر میں سرچ آپریشن، فائرنگ کا تبادلہ، 6 پولیس اہلکار زخمی

پشاور (نیوز ایجنسیاں) خیبر کے علاقے طوارہ، اکاخیل میں پولیس کی جانب سے آپریشن کے دوران دہشت گردوں کے ساتھ فائرنگ کے تبادلے میں 6 پولیس اہلکار زخمی ہو گئے۔ پولیس حکام کے مطابق زخمی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

بی جے پی رہنما کی 16 دسمبر تک بنگلہ دیش پر قبضے کی دھمکی

بھارت کے توسیع پسندانہ عزائم بے نقاب، بھارتی ادارے "ریپبلک" کی رپورٹ

نئی دہلی/ڈھاکہ (کے ایم ایس) بھارت کی حکمران جماعت ہندوتوا بھارتیہ جنتا پارٹی کے رہنما اور مغربی بنگال سے تعلق رکھنے والے سیاستدان ارجن سنگھ کی بنگلہ دیش کو اشتعال انگیز دھمکی نے مودی سرکار کے مبینہ توسیع پسندانہ عزائم اور خطے میں عدم استحکام پیدا کرنے کے مذموم منصوبوں کو بے نقاب کر دیا ہے۔ بھارتی نشریاتی ادارے "ریپبلک" کی رپورٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

امریکا، طوفان، 400 پروازیں منسوخ، 9 لاکھ صارفین بجلی سے محروم

سیلابی صورتحال، سفر متاثر، مشہور میسیز تھینکس گیونگ پریڈ تاریخ میں پہلی بار ملتوی

واشنگٹن (صباح نیوز) امریکا کی مشرقی ریاستوں میں شدید طوفان نے نظام زندگی متاثر کر دیا، خراب موسم کے باعث سیکڑوں پروازیں منسوخ اور ہزاروں تاخیر کا شکار ہو گئیں، جبکہ تیز ہواؤں اور بارش کے باعث 9 لاکھ سے زائد گھروں اور کاروباری مراکز کی بجلی بھی منقطع ہو گئی۔ امریکی نشریاتی ادارے سی این این اور دیگر ذرائع ابلاغ کے مطابق تھینکس گیونگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

پاکستان نے جنگ میں ثالث کے طور پر کلیدی سیاسی کردار ادا کیا، رضوان سعید شیخ

واشنگٹن (نیوز ایجنسیاں) امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے کہا ہے کہ پاکستان نے امریکا ایران تنازع میں قابل اعتماد ثالث کے طور پر کلیدی سیاسی کردار ادا کیا۔ امریکا میں یوم شکر گزاری کے موقع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

روزنامہ
Daily
SHEHAR
NAMA
شہر نامہ
اسلام آباد

ایڈیٹوریل
فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

ایڈیٹر و پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریشہ پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا
رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریشہ پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد
آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو گرین انکلیو اسلام آباد

ملک کے سائبر سٹرکچر کو جدید اور سائنسی بنیادوں پر استوار کرنا ہوگا

وزیر اعظم شہباز شریف نے نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) کی تنظیم نو کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے اسے موثر، فعال اور جدید ادارہ بنانے کے لئے عمل تیز کرنے کی ہدایت کی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ عوام کو سائبر جرائم سے تحفظ فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اس لئے ایجنسی اور اس کے تمام ذیلی دفاتر میں انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی) اور آرٹیفیشل انٹیلی جنس (اے آئی) کے ماہرین تعینات کیے جائیں اور میرٹ کی بنیاد پر بہترین افرادی قوت کی خدمات حاصل کی جائیں۔ انہوں نے سائبر کرائم کے زیر التوا مقدمات کے حل کے لئے تمام وسائل بروئے کار لانے اور تحقیقات کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی بھی ہدایت کی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ سائبر کرائم کے ضمن میں قومی سلامتی کے لئے مخصوص نظام فعال ہو چکا ہے۔ اس موقع پر ایجنسی کو قومی سطح کی پاکستان سائبر پولیس میں تبدیل کرنے کی سفارش بھی پیش کی گئی جس پر وزیر اعظم نے اصلاحات کی تجاویز پر غور کے لئے وفاقی وزراء محسن نقوی، اعظم نذیر تارڑ، احد چیمہ اور شزا فاطمہ خواجہ پر مشتمل کمیٹی تشکیل دیتے ہوئے رواں ہفتے کے آخر تک سفارشات طلب کر لیں۔

این سی سی آئی اے کو پہلی مرتبہ مئی 2024ء میں وفاقی حکومت کے نوٹیفکیشن کے ذریعے قائم کیا گیا تھا۔ تاہم بعد میں اس کے ابتدائی قواعد منسوخ ہو گئے۔ اس کے بعد جنوری 2025ء میں PECA ترمیمی قانون کے تحت اسے باقاعدہ قانونی حیثیت دے کر ایف آئی اے کے سائبر کرائم ونگ کی جگہ ملک کا خصوصی سائبر کرائم تحقیقاتی ادارہ قرار دیا گیا۔ اس کا قیام "پریوینشن آف الیکٹرانک کرائمز ایکٹ، 2016ء" کے آرٹیکل 29 کے تحت عمل میں لایا گیا۔ اس سے قبل سائبر کرائم کی تحقیقات "فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی" (ایف آئی اے) کا سائبر کرائم ونگ کرتا تھا لیکن سائبر جرائم کی تحقیقات کا کام این سی سی آئی اے کے سپرد کر دیا گیا۔ این سی سی آئی اے اس لئے قائم کی گئی تھی کہ سائبر جرائم کی تحقیقات کو ایف آئی اے کے عمومی انتظامی ڈھانچے سے الگ کر کے ایک خصوصی، خود مختار اور تکنیکی مہارت رکھنے والے ادارے کے سپرد کیا جائے۔ پاکستان میں آن لائن مالی فراڈ، ڈیٹا اور شناخت کی چوری، سائبر ہراسانی، خواتین کی بلیک میلنگ، بچوں کے آن لائن استحصال، غیر قانونی کال سینٹرز اور سرحد پار ڈیجیٹل جرائم میں تیزی سے اضافے کے باعث ایک ایسے ادارے کی ضرورت محسوس کی گئی جو ڈیجیٹل فرانزک، جدید تفتیشی طریقوں اور بین الاقوامی تعاون کے ذریعے ان جرائم کا موثر مقابلہ کر سکے۔ اسی مقصد کے تحت ایف آئی اے کے سائبر کرائم ونگ کے مقدمات، عملہ، اثاثے اور ذمہ داریاں این سی سی آئی اے کو منتقل کر دی گئیں۔ تاہم محض ایک الگ ادارہ قائم کر دینے سے مسائل حل نہیں ہو سکے، کیونکہ نئی ایجنسی کو محدود عملے، ناکافی وسائل، تکنیکی ماہرین کی کمی اور ہزاروں زیر التوا مقدمات جیسے مسائل ورثے میں ملے۔ اس کے علاوہ این سی سی آئی اے کی کارروائیوں اور کارکردگی پر مختلف سوالات بھی اٹھتے رہے ہیں۔

وزیر اعظم کی طرف سے وفاقی وزراء پر مشتمل کمیٹی کی تشکیل اس بات کا ثبوت ہے کہ حکومت کے لئے سائبر سکیورٹی قومی ترجیح ہے اور یہ ممکن ہے کہ یہ اقدام ملک میں ایک منظم "سائبر فورس" کے قیام کی طرف پہلا قدم ہو۔ حساس قومی ڈیٹا کے تحفظ کے لئے "ڈیجیٹل خود مختاری" کا حصول اب محض ایک انتخاب نہیں بلکہ بقا کا مسئلہ بن چکا ہے۔ ڈیجیٹل خود مختاری کا بنیادی مفہوم یہ ہے کہ پاکستان غیر ملکی کمپنیوں اور سافٹ ویئرز پر انحصار کرنے کے بجائے اپنی اہم ڈیجیٹل ٹیکنالوجیاں خود تیار کرے، چلائے اور ان پر مکمل کنٹرول کی صلاحیت حاصل کرے۔ جب کسی ملک کا حساس ڈیٹا، مالیاتی نظام اور مواصلاتی ڈھانچہ غیر ملکی پلیٹ فارموں کے زیر اثر ہو تو قومی سلامتی داؤ پر لگی رہتی ہے۔ این سی سی آئی اے کو جدید مصنوعی ذہانت اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ماہرین سے لیس کر کے ایک موثر ڈیجیٹل ڈھال میں تبدیل کرنا وقت کا تقاضا ہے۔ ڈیجیٹل خود مختاری اور مقامی سطح پر ٹیکنالوجی کے فروغ سے ملکی معیشت پر بھی مثبت اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ اس سے غیر ملکی سافٹ ویئرز اور ہارڈ ویئرز کی درآمدات پر خرچ ہونے والے بھاری زرمبادلہ کی بچت کے علاوہ مقامی ٹیکنالوجی کے استعمال اور برآمدات میں اضافے کے مواقع پیدا ہوں گے۔ اس منصوبے کے اہداف میں پاکستان میں سائبر سکیورٹی اور مقامی سمارٹ فونوں کی تیاری بھی شامل ہے جو ملکی ضروریات پوری کرنے کے ساتھ مقامی صنعتوں کو سہارا دے سکتی ہے۔ اس عمل سے لاکھوں ہنرمند نوجوانوں اور آئی ٹی گریجویٹس کے لئے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے اور برین ڈرین جیسے مسئلے پر قابو پانے میں بھی مدد مل سکتی ہے۔

اس کے ساتھ ساتھ سائبر سپیس میں پھیلتی ہوئی بے راہ روی اور اس کے سماجی اثرات کا جائزہ لینا بھی ضروری ہے۔ ڈیجیٹل نگرانی کے موثر نظام کی عدم موجودگی میں نوجوان نسل مختلف نقصان دہ رجحانات کا شکار ہو رہی ہے۔ حالیہ برسوں میں آن لائن گیموں کی لت اور خطرناک چیلنجوں کے باعث نو عمر بچوں کے حوالے سے افسوسناک واقعات سامنے آئے ہیں۔ انٹرنیٹ پر غیر اخلاقی مواد، آن لائن ہراسانی اور مالیاتی فراڈ ملکی معیشت، خاندانی نظام اور معاشرتی امن کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔ اس حوالے سے تجویز ہے کہ سائبر پولیس فورس کا ادارہ جاتی ڈھانچہ قائم کرنے کے ساتھ متعلقہ قوانین کی اپ گریڈیشن اور جامع قانون سازی بھی ناگزیر ہے۔ ملک کی سائبر سپیس میں تاحال غیر منظم سرگرمیاں جاری ہیں۔ بغیر لائسنس، ضابطے یا سکیورٹی آڈٹ کے ایپلی کیشنز اور پراڈکٹس تیار کی جا رہی ہیں لیکن ایسی سرگرمیاں صارفین کے ذاتی ڈیٹا کی چوری اور بلیک میلنگ کا سبب بن سکتی ہیں۔ حکومت کو چاہئے کہ مقامی سافٹ ویئر بنانے والوں اور ڈیجیٹل پلیٹ فارموں کو قانون کے دائرے میں لائے اور صارفین کے حقوق اور ڈیٹا کے تحفظ کو یقینی بنائے۔ بصورت دیگر مسائل جوں کے توں برقرار رہیں گے۔ وزیر اعظم کی طرف سے سائبر کرائم کے زیر التوا مقدمات کے فوری حل کے لئے تمام وسائل بروئے کار لانے کی ہدایت پر بھی عملدرآمد یقینی بنایا جانا چاہئے کیونکہ انصاف میں تاخیر جرائم پیشہ عناصر کے حوصلے بلند کرتی ہے۔ حکومت کو روایتی دفتری طریقہ کار اور سرخ فیتے کی حوصلہ شکنی کرتے ہوئے ملک کے سائبر سٹرکچر کو جدید اور سائنسی بنیادوں پر استوار کرنا ہوگا۔ اس مقصد کے لئے دنیا کے کامیاب ماڈلوں کا مطالعہ کر کے مقامی حالات کے مطابق پالیسیاں مرتب کی جانی چاہئیں۔ مذکورہ کمیٹی کو چاہئے کہ رواں ہفتے کے آخر تک ٹھوس، قابل عمل اور دور رس سفارشات پیش کرے تاکہ این سی سی آئی اے کو عالمی معیار کا ادارہ بنایا جا سکے۔

پاکستان، چین دوستی ہمالیہ سے بلند خلاء تک!

ملکہ کوہسار
امتیاز احمد عباسی

پاکستان کے پہلے خلا باز، 40 سالہ گروپ کیپٹن محمد ذیشان علی جو پاک فضائیہ کے ایک قابل فخر پائلٹ ہیں، چین کے خلائی سٹیشن "تیان گونگ" (آسمانی محل) تک پہنچنے کے لئے تاریخی خلائی پرواز پر روانہ ہو چکے ہیں۔ چائنا مینڈ سپیس ایجنسی (سی ایم ایس اے) کی قیادت اور سپارکو کی شراکت داری سے شروع ہونے والا یہ مشن پاکستان کی انسانی خلائی تحقیق کے میدان میں ایک اہم پیش رفت ہے۔ محمد ذیشان علی کی بنیادی ذمہ داری بطور پے لوڈ سپیشلسٹ خلائی سٹیشن پر مائیکرو گریویٹی (بے وزنی کی کیفیت) میں پاکستان کے سائنسی تجربات انجام دینا ہے۔ پاکستانی جامعات اور محققین کے اشتراک سے تیار کیے گئے ان تجربات میں میٹریل سائنس، فلوئیڈ فزکس، حیاتیاتی علوم اور بائیو ٹیکنالوجی کے شعبے شامل ہیں، جن کے نتائج موسمیاتی لچک، غذائی تحفظ اور طبی جدت کے فروغ میں معاون ثابت ہو سکتے ہیں۔ یہ محض ایک فرد کا خلائی سفر نہیں بلکہ پاکستان کی سائنسی تاریخ میں ایک نئے باب کا آغاز ہے۔ پاکستان اور چین کی دوستی بین الاقوامی تعلقات میں منفرد اور مثالی حیثیت رکھتی ہے۔ ہمالیہ سے بلند، سمندروں سے گہری اور شہد سے میٹھی یہ دوستی گزشتہ سات دہائیوں کے دوران مختلف آزمائشوں پر پوری اتری ہے۔ دونوں ممالک کے تعلقات کی بنیاد باہمی اعتماد، خلوص اور مشترکہ ترقی کے وژن پر استوار ہے۔ شاہراہ قراقرم کی تعمیر جیسے انجینئرنگ کے عظیم منصوبے سے لے کر گوادر بندرگاہ کی ترقی، توانائی کے منصوبوں، دفاعی خود انحصاری اور پاک چین اقتصادی راہداری تک، چین نے مختلف شعبوں میں پاکستان کا ساتھ دیا ہے۔ پاک چین اقتصادی راہداری نے جہاں خطے میں نئی راہوں اور معاشی ترقی کے نئے امکانات پیدا کیے ہیں، وہاں یہ خلائی مشن اسی دوستی کا ایک اہم تسلسل ہے، جو اب زمین کی سرحدوں سے آگے خلا کی وسعتوں تک پہنچ چکا ہے۔

خلائی تحقیق کے میدان میں پاک چین تعاون کی تاریخ بھی خاصی روشن ہے۔ 1990ء میں پاکستان کے پہلے مصنوعی سیارے "بدر اول" کی لانچنگ سے لے کر ریموٹ سینسنگ اور کمیونیکیشن سیٹلائٹس، بشمول پاک سیٹ ایم ایم ون اور چاند کے مشن "چانگ ای-6" کے ساتھ پاکستانی سیٹلائٹ "آئی کیوب قمر" کی کامیاب روانگی تک، دونوں ممالک نے خلائی ٹیکنالوجی میں ایک دوسرے کا ساتھ دیا ہے۔ تاہم کسی پاکستانی خلاباز کی خلائی سٹیشن پر موجودگی اور وہاں سائنسی تجربات کی انجام دہی اس تعاون کا ایک نیا اور غیر معمولی سنگ میل ہے۔ یہ پیش رفت ثابت کرتی ہے کہ پاکستان اب انسانی خلائی پروازوں کے میدان میں بھی اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کی جانب بڑھ رہا ہے۔ اس تاریخی مشن میں پاکستان کی شمولیت محض علامتی نہیں بلکہ اس کے پیچھے ایک ٹھوس سائنسی اور تحقیقی مقصد کارفرما ہے۔ محمد ذیشان علی نے اس مشن کیلئے طویل اور خصوصی تربیت حاصل کی ہے تاکہ وہ خلائی سٹیشن پر بے وزنی کی کیفیت میں پیچیدہ سائنسی تجربات انجام دے سکیں۔ خوش آئند پہلو یہ ہے کہ ان تجربات کی تیاری میں پاکستانی جامعات اور مقامی محققین نے بھی حصہ لیا ہے۔ میٹریل سائنس، فلوئیڈ فزکس، حیاتیاتی علوم اور بائیو ٹیکنالوجی جیسے شعبوں میں تحقیق پاکستان کے تعلیمی اداروں کی بڑھتی ہوئی سائنسی صلاحیتوں کی عکاس ہے۔ اس سے نوجوان محققین کو عالمی سطح کی تحقیق میں حصہ لینے اور جدید سائنسی علوم سے استفادہ کرنے کے نئے مواقع میسر آئیں گے۔ جدید دور میں خلائی تحقیق کو محض سائنسی تجسس یا قومی تفاخر تک محدود نہیں سمجھا جاتا بلکہ اس کے نتائج معیشت، ماحولیات، زراعت اور انسانی زندگی پر بھی اثر انداز ہوتے ہیں۔ پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں سے متاثرہ ممالک میں شامل ہے، اس لئے خلائی تحقیق کے ذریعے حاصل ہونے والے نتائج کئی قومی چیلنجوں سے نمٹنے میں معاون ثابت ہو سکتے ہیں۔ حیاتیاتی علوم اور بائیو ٹیکنالوجی میں تحقیق سے ایسی فصلوں اور بیجوں کی تیاری کے امکانات پیدا ہو سکتے ہیں جو شدید موسمی حالات اور خشک سالی کا مقابلہ کرنے کی بہتر صلاحیت رکھتے ہوں۔ اس طرح غذائی تحفظ کے حصول میں مدد مل سکتی ہے۔ دوسری جانب میٹریل سائنس اور فلوئیڈ فزکس کے تجربات سے حاصل ہونے والا ڈیٹا صنعتی جدت، نئی ادویات اور جدید ٹیکنالوجی کی تیاری کیلئے مفید ثابت ہو سکتا ہے۔ یوں اس مشن کے ثمرات مستقبل میں مختلف شعبوں کے ذریعے عام شہریوں تک بھی پہنچ سکتے ہیں۔

سپارکو کے علاوہ پاکستانی جامعات کے سائنسدانوں اور محققین کی کاوشیں بھی لائق تحسین ہیں جنہوں نے اس مشن کی تیاری میں اپنا کردار ادا کیا۔ محمد ذیشان علی کی کامیابی ملک کے نوجوانوں، بالخصوص طلبہ و طالبات کے لئے ایک حوصلہ افزا مثال ہے۔ ان کی خلائی پرواز سے سائنس، ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اور ریاضی (سٹیم) کی تعلیم کے فروغ کو بھی تحریک مل سکتی ہے۔ جب نوجوان دیکھیں گے کہ پاکستان کے تعلیمی اداروں سے وابستہ محققین عالمی خلائی تحقیق میں حصہ لے رہے ہیں تو ان میں بھی سائنسی جستجو اور تحقیق کا جذبہ پروان چڑھے گا۔ تاہم اس کامیابی کو مستقل قومی پیش رفت میں تبدیل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ حکومت سائنسی تحقیق کے بجٹ میں اضافہ کرے، جامعات میں جدید لیبارٹریاں قائم کی جائیں اور نوجوان سائنسدانوں کی سرپرستی کے لئے طویل المدتی منصوبہ بندی ہو تاکہ تحقیق کا یہ سلسلہ محض ایک مشن تک محدود نہ رہے۔ خلائی سفارت کاری کے تناظر میں بھی یہ مشن خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔ چین کا خلائی سٹیشن تیان گونگ عالمی تعاون اور پرامن خلائی تحقیق کا ایک اہم مرکز ہے۔ سی ایم ایس اے کی جانب سے پاکستان کو اس مشن میں شریک کرنا دونوں ممالک کے درمیان سائنسی تعاون کی مضبوطی کا مظہر ہے۔ اس شراکت داری سے مستقبل میں مزید پاکستانی خلابازوں کی تربیت، مشترکہ خلائی منصوبوں اور جدید خلائی ٹیکنالوجی سے استفادے کے نئے امکانات پیدا ہو سکتے ہیں۔ پاکستان کو ان مواقع سے فائدہ اٹھانے کے لئے اپنی تحقیقی صلاحیتوں، تعلیمی اداروں اور سائنسی بنیادی ڈھانچے کو مزید مضبوط بنانا ہوگا۔

کراچی میں غیر قانونی تعمیرات

اظہار خیال
منظر الکوی

کراچی کے علاقے بلوچ کالونی کے قریب 25 نومبر 2026ء کو زیر تعمیر کثیر المنزلہ عمارت کے انہدام کا افسوسناک واقعہ ایک مرتبہ پھر غیر قانونی تعمیرات، انتظامی غفلت اور مبینہ ادارہ جاتی بدعنوانی کے سنگین نتائج کو بے نقاب کر گیا ہے۔ اس افسوسناک حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع اور متعدد افراد کا زخمی ہونا نہ صرف باعث افسوس ہے بلکہ اس نے کراچی میں تعمیراتی قوانین کے نفاذ، نگرانی کے نظام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے حوالے سے کئی بنیادی سوالات کھڑے کر دیے ہیں۔ ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز آف پاکستان (آباد) کے چیئرمین محمد حنیف گوہر نے اے آر وائی نیوز کے پروگرام آف دی ریکارڈ میں غیر قانونی تعمیرات کے حوالے سے جن تشویشناک حقائق اور الزامات کی نشاندہی کی ہے، وہ صوبائی حکومت اور متعلقہ اداروں کی فوری توجہ کے مستحق ہیں۔ ان کے مطابق کراچی میں ایک خطرناک رجحان فروغ پا رہا ہے، جہاں بعض اسٹیٹ ایجنٹس خود کو بلڈرز اور ڈیولپر ظاہر کر کے تعمیراتی منصوبے شروع کر دیتے ہیں، حالانکہ ان کے پاس ضروری فنی مہارت، پیشہ ورانہ صلاحیت اور قانونی تقاضوں کی تکمیل کا مناسب انتظام نہیں ہوتا۔ حنیف گوہر کے مطابق صرف کراچی ایڈمنسٹریشن سوسائٹی میں تقریباً 150 ایسی عمارتیں تعمیر کی جا چکی ہیں جن کے حوالے سے قانونی اور تعمیراتی ضابطوں کی خلاف ورزیوں کے سنگین خدشات موجود ہیں۔ تاہم اس دعوے کی آزادانہ اور تکنیکی تحقیقات ضروری ہیں۔ اس سے بھی زیادہ تشویشناک ان کا یہ الزام ہے کہ سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی (ایس بی سی اے) کے بعض اہلکار غیر قانونی تعمیرات میں ملوث عناصر کی سہولت کاری کرتے ہیں اور انہیں مشورہ دیتے ہیں کہ اتھارٹی کی جانب سے جاری کردہ نوٹس کے خلاف عدالت سے حکم امتناع حاصل کر لیا جائے۔ اگر یہ الزامات غیر جانبدارانہ تحقیقات میں درست ثابت ہوتے ہیں تو یہ محض انتظامی غفلت نہیں بلکہ اختیارات کے ناجائز استعمال، مبینہ ملی بھگت اور قانون کے نفاذ میں سنگین ناکامی کی نشاندہی کریں گے۔ اس افسوسناک حادثے کے فوراً بعد وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی جانب سے واقعے کا سنجیدہ نوٹس لینا، جائے حادثہ کا دورہ کرنا اور متعلقہ حکام کو فوری اقدامات کی ہدایات دینا ایک اہم پیش رفت ہے۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے عمارت کے ملبے تلے دبے افراد کو نکالنے کے لیے امدادی کارروائیاں تیز کرنے، متاثرین کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے اور حادثے کی وجوہات معلوم کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے ذاتی طور پر جائے حادثہ کا دورہ کیا، امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا اور متعلقہ افسران سے عمارت کی تعمیر، منظوری اور ممکنہ قانونی خلاف ورزیوں کے بارے میں وضاحت طلب کی۔ ان کی فوری مداخلت سے یہ پیغام سامنے آیا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اور متعلقہ اداروں کا احتساب صوبائی انتظامیہ کی اہم ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ بعد ازاں 26 نومبر کو وزیر اعلیٰ سندھ کی زیر صدارت اعلیٰ سطح کے اجلاس میں متعلقہ حکام کے خلاف انتظامی کارروائی کے احکامات بھی جاری کیے گئے۔ اطلاعات کے مطابق سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کے ڈائریکٹر جنرل سمیت بعض اعلیٰ انتظامی اور پولیس افسران کو عہدوں سے ہٹانے کے علاوہ ایس بی سی اے کے 16 افسران کو مبینہ غفلت پر معطل کرنے کے اقدامات کیے گئے۔ یہ اقدامات ابتدائی طور پر اہم ہیں، تاہم ان کی حقیقی افادیت اسی وقت سامنے آئے گی جب تحقیقات شفاف ہوں گی، ذمہ دار افراد کا تعین قانونی طریقہ کار کے مطابق ہوگا اور ادارہ جاتی اصلاحات کو مستقل بنیادوں پر نافذ کیا جائے گا۔ بلوچ کالونی کا سانحہ اس اعتبار سے بھی سنگین ہے کہ ابتدائی اطلاعات کے مطابق عمارت کی تعمیر کے لیے جتنی منزلوں کی اجازت دی گئی تھی، اس سے کہیں زیادہ تعمیرات کی گئی تھیں۔ اگر یہ اطلاعات درست ہیں تو سوال پیدا ہوتا ہے کہ اتنی بڑی عمارت کی تعمیر کے دوران متعلقہ اداروں کی نگرانی کہاں تھی اور خلاف ورزیوں کو بروقت کیوں نہیں روکا گیا؟ چیئرمین آباد حنیف گوہر کی جانب سے بار بار غیر قانونی تعمیرات کی نشاندہی کو محض تعمیراتی صنعت کے تجارتی مفادات کے تناظر میں نہیں دیکھنا چاہیے۔ غیر قانونی اور غیر معیاری تعمیرات نہ صرف پیشہ ورانہ اصولوں کے مطابق کام کرنے والے بلڈرز کے لیے مشکلات پیدا کرتی ہیں بلکہ شہریوں کی زندگیوں، جائیدادوں، سرمایہ کاری اور بنیادی شہری سہولتوں کے لیے بھی سنگین خطرہ بن جاتی ہیں۔ تاہم تمام اسٹیٹ ایجنٹس کو یکساں طور پر ذمہ دار قرار دینا بھی مناسب نہیں ہوگا۔ اصل مسئلہ ان افراد اور اداروں کا ہے جو منظور شدہ نقشوں، انجینئرنگ کے اصولوں، حفاظتی معیارات اور قانونی اجازت ناموں کے بغیر تعمیراتی سرگرمیوں میں ملوث ہوتے ہیں۔ کراچی کو فوری طور پر ایک جامع تعمیراتی آڈٹ کی ضرورت ہے، خصوصاً ان علاقوں میں جہاں غیر قانونی کثیر المنزلہ عمارتوں کی موجودگی کی شکایات سامنے آ رہی ہیں۔ ایس بی سی اے میں ڈیجیٹل نگرانی کا موثر نظام متعارف کرایا جائے، منظور شدہ نقشوں کی تفصیلات عوام کے لیے دستیاب ہوں اور تعمیراتی منصوبوں کی آزادانہ تکنیکی جانچ کو لازمی بنایا جائے۔ عدالتی حکم امتناع کے مبینہ غلط استعمال کے معاملے کا بھی آئینی اور قانونی حدود میں رہتے ہوئے جائزہ لیا جانا چاہیے۔

شہریوں کو عدالتی تحفظ حاصل کرنے کا حق ضرور ہے، لیکن ایسی عمارتوں سے متعلق مقدمات جن میں انسانی جانوں کو خطرہ لاحق ہو، ترجیحی بنیادوں پر نمٹائے جانے چاہئیں تاکہ قانونی کارروائیوں کو غیر محفوظ تعمیرات جاری رکھنے کا ذریعہ نہ بنایا جا سکے۔ وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کے فوری نوٹس، جائے حادثہ کے دورے اور بعد ازاں انتظامی اقدامات نے اصلاحات کے لیے ایک اہم موقع فراہم کیا ہے۔ اب ضروری ہے کہ صوبائی حکومت اس موقع کو محض وقتی کارروائی تک محدود نہ رکھے بلکہ تعمیراتی شعبے میں قانون کی بالادستی، شفافیت، موثر نگرانی اور جواب دہی کا مستقل نظام قائم کرے۔ کراچی مزید انسانی جانوں کی قیمت پر انتظامی ناکامیوں کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ چیئرمین آباد حنیف گوہر کے تشویشناک انکشافات اور وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی فوری مداخلت کو مستقل اور نتیجہ خیز اصلاحات کی بنیاد بنانا ہوگا۔ اصل کامیابی صرف ذمہ داروں کے خلاف کارروائی میں نہیں بلکہ مستقبل میں ایسے سانحات کی روک تھام، محفوظ تعمیرات کے فروغ اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے میں مضمر ہے۔

ملتان میں مریم نواز اور بلاول بھٹو کی آمد

ان کہی
نسیم شاہد
nasimshahid7@hotmail.com

کیا یہ حسن اتفاق ہے کہ ایک دن کے وقفے سے وزیر اعلیٰ مریم نواز اور پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری ملتان آئے ویسے تو مدت گزر جاتی ہے، ایسے بڑے رہنما ملتان نہیں آتے حالانکہ ملتان ایک بڑا شہر ہے اور سیاسی اہمیت بھی رکھتا ہے۔ بلاول بھٹو کے آنے پر پارٹی کے دیرینہ اور نظریاتی کارکنوں کا احتجاج بھی سامنے آیا کہ انہیں اپنے چیئرمین سے نہیں ملنے دیا گیا۔ ملاقاتیں اور استقبال ان لوگوں کے حصے میں آئے جو گیلانی خاندان کے قریب ہیں۔ پارٹی کہاں ہے؟ اسکے عہدیدار کہاں ہیں؟ کارکنوں کا کون پرسان حال ہے کسی کو کچھ پتہ نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ شہر کے صحافتی اور سیاسی حلقے کہہ رہے ہیں، بلاول بھٹو کے آنے پر وہ بڑا استقبال نہ ہو سکا جس کی امید کی جا رہی تھی۔ پتہ نہیں کارکنوں کی بات بلاول بھٹو زرداری تک پہنچی ہے یا نہیں کیونکہ وہ پوری طرح ایک خاص حصار میں رہے اور کارکنوں سے ملاقات کی کوئی آزادانہ تقریب نہ رکھی گئی۔ پیپلز پارٹی وہ جماعت ہے جو کارکنوں کی جماعت کہلاتی ہے مگر اب اس پر ملتان میں وہ لوگ ہر طرف نظر آتے ہیں جو پیسہ خرچ کرتے ہیں اور گیلانی خاندان کے نزدیک ہیں۔ پھر بلاول بھٹو زرداری نے ملتان کے ساتھ ساتھ ڈیرہ غازی خان، مظفر گڑھ کا بھی دورہ کیا تاہم کسی بڑے اجتماع سے خطاب نہ کر سکے۔ میں یاد کر رہا تھا کہ وہ زمانہ بھی اس شہر نے دیکھا جب ذوالفقار علی بھٹو اور بے نظیر بھٹو اس ملتان میں آتے تھے، جیالوں میں گھل مل جاتے اور ان کے ساتھ ایک بڑی اجتماعی ملاقات ضرور کرتے۔ کارکن اسی لئے انکے دیوانے بلکہ پروانے تھے۔ یہاں عہدیداروں اور کارکنوں کی ایک بڑی تعداد موجود تھی اور ہم نے یہ بھی دیکھا کہ پارٹی عہدیداروں کی اہمیت ارکان اسمبلی سے زیادہ ہوتی تھی۔ ایم اے گوہیر، خورشید خان، حبیب اللہ شاکر، الطاف کھوکھر اور دیگر رہنما بھٹو اور بے نظیر کی توجہ کا مرکز رہتے۔ اب بلاول ہاؤس ملتان ایک تقریب ملاقات تو سجائی گئی مگر کارکنوں کو بلاول بھٹو زرداری کے قریب نہیں آنے دیا گیا۔ اب یہاں مجھے مریم نواز اور بلاول بھٹو زرداری کی اس حوالے سے حکمت عملی کا فرق نظر آ رہا ہے۔ مریم نواز صوبے کی وزیر اعلیٰ ہیں، ان کا سرکاری پروٹوکول بھی ہے تاہم اس کے باوجود انہوں نے جہلم، راولپنڈی، ملتان میں اپنے استقبال کے دوران عوام میں گھل مل جانے کی حکمت عملی اپنائی، اگرچہ کارکنوں کی ملاقات ان سے بھی آسان نہیں تاہم وہ اپنی گاڑی سے باہر نکل کر لوگوں کے نعروں اور اپنائیت کا جس طرح جواب دے رہی ہیں، وہ بلاول بھٹو نہیں دے پا رہے۔ بلاول بھٹو زرداری کا امیج ایک فرینڈلی لیڈر جیسا نہیں بن رہا حالانکہ ان سے محبت کرنے والے کارکنوں کی تعداد کچھ کم نہیں۔ بات بالکل سادہ ہے کہ اب سیاستدانوں کے پاس اسکے سوا کوئی چارہ نہیں کہ وہ عوام میں اس طرح جائیں کہ جیسے وہ انہی میں سے ہیں اس کی ایک خاص وجہ ہے۔

عمران خان نے اپنے دور میں یہی عادت اپنائی تھی وہ عمل اب پھیلا ہوا ہے۔ ویسے بھی عوام اب اتنے باشعور ہو چکے ہیں اپنا حق بھی مانگتے ہیں اور مقام بھی۔ بلاشبہ مریم نواز کو اس وقت برتری حاصل ہے کہ وہ اقتدار میں ہیں تاہم تکنیکی طور پر بلاول بھٹو زرداری بھی اقتدار سے باہر نہیں، وہ کہیں نہ کہیں بلکہ کئی جگہ اقتدار میں ہیں مگر یہ بھی درست ہے کہ اپنے صوبے کا وزیر اعلیٰ ہونا بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ مریم نواز جس شہر میں بھی جاتی ہیں، انتظامیہ ان کے استقبال کو یادگار بنانے کیلئے پورا زور لگا دیتی ہے۔ ملتان میں بھی ایسا ہی ہوا تاہم یہ دوسرا رخ ملتان میں بھی دیکھنے میں آیا کہ ملتان سے تعلق رکھنے والے پارٹی عہدیدار اور ارکان اسمبلی نے شہر کو بڑے بڑے استقبالی ہورڈنگز اور پینافلیکس سے گویا لاد دیا۔ شہر کے ہر کونے میں مریم نواز کی تصویر اور استقبالی کلمات پر مبنی بینرز اور پینافلیکس دکھتے نظر آئے، تاہم بلاول بھٹو زرداری کیلئے مقامی قیادت اور گیلانی خاندان سوائے چند سڑکوں کے شہر میں پرچموں اور پینافلیکس کی بہار نہیں لا سکا۔ اتنے طویل عرصے بعد بلاول بھٹو زرداری کی ملتان آمد کو ایک بڑی سیاسی سرگرمی میں تبدیل نہیں کیا جا سکا حالانکہ اس پر توجہ دی جاتی تو کوئی مشکل کام بھی نہیں تھا کیونکہ پیپلز پارٹی کے حامی اور جیالے اس شہر میں موجود ہیں مگر جن لوگوں کے ہاتھ میں پیپلز پارٹی کی مقامی قیادت ہے وہ کارکنوں سے بہت دور ہیں یا پھر انہیں اہمیت نہیں دیتے۔ بلاول بھٹو زرداری خود بھی اصرار کر سکتے تھے کہ انہیں پارٹی کے دیرینہ کارکنوں سے ملوایا جائے۔ وہ شہر کا ایک دورہ بھی کر سکتے تھے اور جگہ جگہ اکٹھے ہونے والے لوگوں سے ملاقات اور ان سے خطاب بھی۔ دوسری طرف اگر دیکھا جائے تو مریم نواز انتظامیہ کے شیڈول سے ہٹ کر بھی عوام میں چلی جاتی ہیں۔ وہ روڈ شو میں اپنی گاڑی رکوا کر باہر نکل آتی ہیں اور نعروں کا جواب دیتی ہیں۔ امیج بلڈنگ کا یہ انداز سیاست کی ضرورت ہوتا ہے۔ بلاول بھٹو زرداری وفات پا جانے والے پارٹی رہنماؤں کے گھر گئے۔ انہوں نے ملک مختار احمد اعوان کے گھر جا کر تعزیت کی۔ تاہم وہ تادم تحریر پیپلز پارٹی کے دیرینہ کارکن اور محترمہ بے نظیر بھٹو کے مشیر ایم سلیم راجہ کے گھر تعزیت کیلئے نہیں گئے جن کا قریب میں گذشتہ دنوں انتقال ہوا۔

سیاستدانوں کو یہ بات اب سمجھنے کی ضرورت ہے کہ عوام ان سے مایوس اور دور ہو چکے ہیں، انہیں قریب لانے کی ضرورت ہے، جب کسی کو قریب لانے کی ضرورت پڑ جاتی ہے تو سب سے پہلے خود اس کے قریب ہونا پڑتا ہے۔ رہنماؤں کے گرد پارٹی کے کارکن لوگوں کا گھیرا ہوتا ہے۔ وہ جس شہر میں بھی جاتے ہیں یہ کارکن انہیں گھیر لیتے ہیں اپنے مطلب کی جگہوں پر لے جاتے ہیں اپنے مفاد کے لوگوں سے ملواتے ہیں جس کی وجہ سے حقیقی کارکن محروم رہ جاتے ہیں اور پھر یہ محرومی مایوسی میں بدل جاتی ہے۔ اقتدار کے دنوں میں عوام کو راضی کرنے کی بڑی سہولت ہوتی ہے اور یہی دن ہوتے ہیں جب ذرا سی عدم توجہی عوام کو ناراض بھی کر دیتی ہے۔ ان دنوں رہنماؤں کو جو اپنی جماعتوں کا مستقبل ہیں، اسی طرف توجہ دینی ہوگی۔ ضروری نہیں کہ ہر بار وہی حالات ہوں جو ماضی میں گزرے ہیں۔ عوام کے ووٹ کی اہمیت بھی ہو سکتی ہے، اسی لئے انہیں نظر انداز کرنے کی غلطی سیاسی مستقبل کو تاریک کر سکتی ہے۔

فن و ثقافت

حمزہ کی پارٹنر ہونے پر خود کو خوش قسمت سمجھتی ہوں، مومنہ اقبال

لاہور (نیوز رپورٹ) پاکستانی اداکارہ مومنہ اقبال اپنے شوہر حمزہ وحید کی جانب سے دیے گئے رومانوی سرپرائز پر جذباتی ہو گئیں۔ اداکارہ نے انسٹاگرام پر تصاویر اور ویڈیوز شیئر کیں جن میں سرخ گلابوں، موم بتیوں اور کیک سے سجی خوبصورت سجاوٹ کی جھلکیاں دیکھی جا سکتی ہیں۔ مومنہ اقبال نے شوہر کیلئے محبت بھرے پیغام میں لکھا کہ آپ میری زندگی کی روشنی ہیں، آپ نے میری دنیا میں ایسے رنگ بھر دیے ہیں جنہوں نے زندگی کو مزید خوبصورت اور بامقصد بنا دیا ہے۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ پہلے انہیں لگتا تھا کہ وقت گزرنے کے ساتھ محبت کی شدت کم ہو جاتی ہے لیکن ان کے شوہر ہر گزرتے دن کے ساتھ اس خیال کو غلط ثابت کر رہے ہیں۔ مومنہ اقبال نے حمزہ کو دنیا کا بہترین شوہر قرار دیتے ہوئے کہا کہ وہ خود کو ان کی اہلیہ ہونے پر خوش قسمت سمجھتی ہیں۔ یاد رہے کہ مومنہ اقبال اور حمزہ وحید مئی 2026 میں رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئے تھے۔

سلینا سلیم رشتہ ازدواج میں منسلک

لاہور (پی این پی) معروف اداکار سلیم شیخ کی صاحبزادی، پاکستانی ماڈل اور ڈیجیٹل کری ایٹر سلینا سلیم کا ان کے منگیتر ابراہیم شیخ سے نکاح ہو گیا۔ سلینا سلیم اور ابراہیم شیخ کا نکاح ایک سادہ اور پروقار آؤٹ ڈور تقریب میں ہوا۔ تقریب میں قریبی رشتے داروں، دوستوں اور شوبز انڈسٹری کی معروف شخصیات نے شرکت کی۔ نکاح کے موقع پر سلینا سلیم نے سفید آرگنزا کا روایتی شرارہ زیب تن کیا، جس پر چاندی کے ستاروں کا نفیس کام کیا گیا تھا، جبکہ سنہری گوٹا کناری سے مزین دوپٹے نے ان کے لباس کی خوبصورتی میں مزید اضافہ کیا۔ دوسری جانب ان کے دولہا ابراہیم شیخ نے سفید کرتا پاجامہ اور کوٹ کا انتخاب کیا۔ تقریب میں اداکار بہروز سبزواری، جاوید شیخ، مومل شیخ، مصدق کنول اور شہروز سبزواری سمیت دیگر عزیز و اقارب اور دوستوں نے شرکت کی۔

ترک اداکار اوزجان ڈینیز، برجو اوزبیرک اور دینیز چاکر منشیات کیس میں زیر حراست

استنبول (پی این پی) معروف ترک اداکاروں اوزجان ڈینیز، برجو اوزبیرک اور دینیز چاکر سمیت شوبز انڈسٹری کی متعدد شخصیات کو استنبول میں منشیات سے متعلق تحقیقات کے دوران حراست میں لے لیا گیا۔ رپورٹس کے مطابق یہ کارروائی 24 نومبر 2026ء کو استنبول کے چیف پراسیکیوٹر آفس کی جانب سے 35 ملزمان کے وارنٹ گرفتاری جاری کیے جانے کے بعد عمل میں لائی گئی۔ حکام نے کارروائی کے دوران 24 افراد کو حراست میں لیا، جن میں ٹی وی میزبان مراد اوزان اور جاویت کار ہیم کارتی بھی شامل ہیں۔ حراست میں لیے گئے افراد کا قانونی کارروائی کے تحت طبی معائنہ بھی کیا گیا۔

ٹوئنکل کھنہ کا اکشے پر مزاحیہ طنز، سوشل میڈیا پر ہلچل

ممبئی (پی این پی) بالی ووڈ اداکار اکشے کمار اور ان کی اہلیہ کے شو کے دوران فون پر ایک دوسرے پر تبصرے سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئے۔ بالی ووڈ اداکار اکشے کمار حالیہ قسط میں روی کشن کے ہمراہ مقبول ٹاک شو "کافی ود کرن سیزن 9" میں شریک ہوئے۔ شو کے ایک تفریحی راؤنڈ کے دوران اکشے نے اپنی اہلیہ اور مصنفہ ٹوئنکل کھنہ کو فون ملایا، تاہم انہیں اندازہ نہیں تھا کہ ٹوئنکل کے تیکھے اور مزاحیہ جملوں کا نشانہ بن جائیں گے۔ دونوں کی یہ دلچسپ نوک جھونک سوشل میڈیا صارفین میں تیزی سے وائرل ہو گئی۔ شو میں 5 پوائنٹس حاصل کرنے کے چیلنج کے تحت اکشے نے ٹوئنکل کو فون کیا۔ فون اٹھاتے ہی ٹوئنکل نے شکایت کی کہ رات بھر مشکل سے نیند آئی تھی اور صبح 6 بجے کچن چلا کر اور الٹی جلوہ کی طرح بلند آواز میں گا کر نیند خراب کر دی گئی۔ ساتھ ہی انہوں نے طنز کیا کہ کم از کم باتھ روم کا دروازہ تو ٹھیک سے بند کر لیا کریں۔ جب اکشے نے بتایا کہ وہ شو میں موجود ہیں اور کرن جوہر چاہتے ہیں کہ ٹوئنکل سپیڈ فائر راؤنڈ کو جج کریں، تو ٹوئنکل نے حیرت اور مزاحیہ انداز میں کہا کہ انہیں علم نہیں تھا کہ وہ آج یہ کام کر رہے ہیں، اور مفت میں کام کر رہے ہیں۔

مس یونیورس 2026 کا تاج پورٹو ریکو کی جینیفر بیریٹو کے سر سج گیا



مس یونیورس 2026 کا تاج پورٹو ریکو کی خوبصورت اور ذہین خاتون نے اپنے نام کر لیا۔ 27 برس کی جینیفر بیریٹو مس یونیورس کی تاریخ میں پہلی شادی شدہ خاتون اور پہلی ماں بن گئی ہیں جنہوں نے یہ اعزاز حاصل کیا۔ مس یونیورس کی ویب سائٹ کے مطابق اس سال دنیا بھر سے 116 خواتین نے مس یونیورس کے خطاب کے لیے مقابلہ کیا، جن میں سے 30 فائنلسٹ مقابلے کے آخری مرحلے تک پہنچیں۔ میکسیکو کی مس یونیورس 2025 فاطمہ بوش نے جینیفر بیریٹو کے سر پر تاج سجایا، جس کے ساتھ ہی وہ اس تنظیم کی 75 ویں تاج پوشی کی فاتح بن گئیں۔ مس یونیورس کی ویب سائٹ کے مطابق اس سال کا تاج دیگر تمام تاجوں سے منفرد ہے، کیونکہ اسے جیولری کے معروف برانڈ [illegible] نے پیرس کے جیولری ہاؤس (Maison d'OR) کے اشتراک سے تیار کیا ہے۔ یہ تاج 18 قیراط سفید سونے سے بنا ہے اور اس میں 3 ہزار 150 ہیرے جڑے ہوئے ہیں۔

بقیہ نمبر 1

افشاں کیا کہ جس کے نام پر ملک کے خزانے کو اربوں روپے کا نقصان پہنچایا گیا ہے اور اس تمام معاملے میں ایف بی آر کے اعلیٰ افسران کی مجرمانہ غفلت اور ملی بھگت سامنے آئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ 1120 ارب روپے مالیت کے درآمد شدہ خام مال میں سے صرف 389 ارب روپے کا ریکارڈ مل سکا ہے، جس کے عوض ایف بی آر نے 85 ارب روپے کے ریفنڈز جاری کیے جبکہ 731 ارب روپے مالیت کے خام مال کا کوئی ریکارڈ ایف بی آر کے پاس موجود ہی نہیں ہے۔ چیئرمین سیف اللہ ابڑو نے مزید کہا کہ جن فیکٹریوں کا بتایا گیا وہ 4 ہزار سے 5 ہزار ٹن (تقریباً 50 لاکھ کلوگرام) ہے، وہاں موقع پر دو ٹرکوں کا مال بھی موجود نہیں تھا۔ کمیٹی کے دورے سے قبل محض دکھاوے کے لیے چند لوگ ہائر کر کے گئے تھے اور مشینیں بھی وقت پر چلائی گئیں۔ قانون (ایس آر او 2021) کے مطابق ایف بی آر کو کمیشن سرٹیفکیٹ جاری کرنے سے قبل فیکٹری کی پیداواری صلاحیت اور خریدار کے بینک ریکارڈ کی تصدیق کرنی ہوتی ہے، جو بالکل نہیں کی گئی اور کراس چیکنگ کے بغیر جعلی کمپنیوں کے نام پر ٹیکس چھوٹ حاصل کر کے مال ملک کے دیگر شہروں میں فروخت کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ کمیٹی کے دورے سے قبل ایف بی آر چیئرمین نے دو افسران کو شوکاز نوٹس اور ڈپٹی ڈائریکٹر ہارون ملک کو معطل کیا ہے، تاہم پچھلے دورے کے افسران ہی اور اصل ذمہ داران کو چیف کمشنر ترقی کر گئی، گھبرا کر چیئرمین ... ہماری کمیٹی میں ایف بی آر اور سیکرٹری کلاس کے خلاف ابھی کارروائی ہونی چاہیے۔ کمیٹی نے ایف آئی اے کو ملوث افسران کے نام ای سی ایل میں ڈالنے کی ہدایت بھی کر دی ہے۔ چیئرمین سیف اللہ ابڑو نے اس بات پر شدید افسوس کا اظہار کیا کہ اربوں روپے کی کرپشن میں ملوث ایف بی آر کے چار اعلیٰ افسران کو حکومت نے ستارۂ امتیاز کے لیے نامزد کیا ہے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ کمیٹی وزیر اعظم پاکستان کو باضابطہ طور پر خط لکھ کر ان چاروں افسران کے اعزازات فوری طور پر واپس لینے کا مطالبہ کرے گی۔ علاوہ ازیں، معائنے کے دوران یہ بھی دیکھا گیا کہ فیکٹریوں میں انتہائی ناقص اور غیر معیاری گھی تیار کیا جا رہا تھا، جس پر کمیٹی نے سخت برہمی کا اظہار کیا۔ آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے چیئرمین سیف اللہ ابڑو نے واضح کیا کہ کمیٹی اس میگا اسکینڈل کو منطقی انجام تک پہنچائے گی۔ پیر کے روز پارلیمنٹ ہاؤس میں کمیٹی کا اہم اجلاس طلب کیا گیا ہے جس میں چیئرمین ایف بی آر کو طلب کیا گیا ہے۔ کمیٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ قومی خزانے سے لوٹے گئے سینکڑوں ارب روپے کے ٹیکس واپس لینے تک ہم چین سے نہیں بیٹھیں گے کرپٹ ایف بی آر افسران اور فیکٹری مالکان سے ٹیکس چوری کے پائی پائی کا حساب لیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 2

موون پک میں ایک پروقار استقبالیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں مختلف ممالک کے سفیروں، ہائی کمشنرز، سفارت کاروں، سیاسی رہنماؤں، سرکاری حکام، سول سوسائٹی کے نمائندوں اور صحافیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین تقریب کے مہمان خصوصی تھے، جبکہ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان بھی اس موقع پر موجود تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان میں رومانیہ کے سفیر ڈاکٹر دان ستوئینیسکو نے معزز مہمانوں کا خیرمقدم کیا اور تقریب میں شرکت پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی موجودگی دونوں ممالک کے درمیان دوستی، یکجہتی اور باہمی احترام کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ رومانیہ کا قومی دن ملک کی تاریخ اور قومی شناخت کو اجاگر کرنے کے ساتھ آزادی، جمہوریت، یکجہتی اور قانون کی حکمرانی جیسی بنیادی اقدار کی تجدید کا موقع بھی فراہم کرتا ہے۔ رومانیہ کے سفیر نے یکم دسمبر 1918 کے تاریخی واقعے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اسی روز عظیم اتحاد کے ذریعے رومانیہ کے عوام کی قومی وحدت کی دیرینہ خواہش پوری ہوئی اور جدید رومانیہ کی بنیاد رکھی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ 2027 میں رومانیہ یورپی یونین کی رکنیت کے 20 سال مکمل کرے گا۔ ڈاکٹر دان ستوئینیسکو نے کہا کہ موجودہ پیچیدہ عالمی حالات کے باوجود رومانیہ کی خارجہ پالیسی کی سمت اور بنیادی ترجیحات برقرار ہیں۔ یورپی یونین اور نیٹو کی رکنیت، امریکہ کے ساتھ اسٹریٹجک شراکت داری اور عالمی شراکت داروں کے ساتھ تعاون رومانیہ کی خارجہ پالیسی کے اہم ستون ہیں۔ یوکرین جنگ کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ روس کی جارحیت یورپ اور عالمی سلامتی کے لیے مسلسل خطرہ بنی ہوئی ہے۔ رومانیہ نیٹو کے مشرقی محاذ اور بحیرہ اسود کی سلامتی کو مضبوط بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے یوکرین میں منصفانہ اور پائیدار امن، عالمی غذائی تحفظ اور مالدووا کی یورپی یونین میں شمولیت کے لیے رومانیہ کی حمایت کا بھی اعادہ کیا۔ پاکستان اور رومانیہ کے تعلقات پر روشنی ڈالتے ہوئے سفیر نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان 15 اکتوبر 1964 کو سفارتی تعلقات قائم ہوئے، جس کے بعد باہمی احترام اور تعمیری تعاون کی بنیاد پر دوستی کا ایک مضبوط رشتہ قائم ہوا۔

بقیہ نمبر 3

وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت کی ہدایت اور وزارت کی ترجیحات کے مطابق اس سال میلے کے انتظامات کو گزشتہ برس کے تجربات اور عوامی تجاویز کی روشنی میں مزید بہتر بنایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسٹالز کی ترتیب اور ساخت بہتر بنانے، آمد و رفت کے راستے کشادہ کرنے، سکیورٹی انتظامات مؤثر بنانے اور پارکنگ کے مسائل پر قابو پانے کے لیے خصوصی اقدامات کیے گئے ہیں۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ میلے میں نمایاں خدمات انجام دینے والے ہنرمندوں کی حوصلہ افزائی بھی کی جا رہی ہے۔ اس سلسلے میں ضلع مظفر آباد سے تعلق رکھنے والی سکینہ بی بی کو، جو گزشتہ 35 سال سے دستکاری کے شعبے سے وابستہ ہیں، چادر پوشی کے اعزاز کے لیے منتخب کیا گیا، جبکہ گلگت بلتستان کے نثار علی کو بہترین فنکار کے طور پر دستار پہنائی گئی۔ انہوں نے کہا کہ یہ اعزازات ان تمام ہنرمندوں اور فنکاروں کی خدمات کا اعتراف ہیں جو اپنی محنت اور فن کے ذریعے پاکستان کے ثقافتی ورثے کو زندہ رکھے ہوئے ہیں۔ وزیر مملکت حذیفہ رحمان نے اپنے خطاب میں کہا کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے وزارت قومی ورثہ و ثقافت کو پاکستان کا سافٹ امیج اجاگر کرنے اور قومی ثقافتی ورثے کو فروغ دینے کی خصوصی ہدایت کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ لوک میلہ ایک منفرد قومی سرگرمی ہے جہاں کشمیر سے گوادر اور پشاور سے کراچی تک پاکستان کے مختلف علاقوں کی ثقافت، روایات اور فنون دس روز کے لیے ایک چھت تلے جمع ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں نئی نسل کو اپنی ثقافتی جڑوں سے جوڑنا انتہائی ضروری ہے۔ لوک میلہ بچوں اور نوجوانوں کو پاکستان کی متنوع ثقافت، روایات اور علاقائی شناخت سے روشناس کرانے کا مؤثر ذریعہ ہے۔ انہوں نے وفاقی وزیر اورنگزیب خان کھچی کی قیادت کو سراہتے ہوئے کہا کہ گزشتہ سال میلے کے حوالے سے دی گئی تقریباً 99 فیصد تجاویز اور ہدایات پر عمل درآمد کیا گیا ہے۔ انہوں نے اس بہتری کا کریڈٹ وفاقی وزیر کی خصوصی توجہ، رہنمائی اور تمام متعلقہ اداروں کو ایک مشترکہ مقصد کے تحت متحد کرنے کی کوششوں کو دیا۔ وفاقی سیکرٹری قومی ورثہ و ثقافت اسد رحمان گیلانی نے کہا کہ گزشتہ سال لوک میلہ 2025 کی کامیابی میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر لوک ورثہ ڈاکٹر وقاص سلیم اور ان کی ٹیم کی دن رات محنت شامل تھی۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی وزیر اور حکومت کی ہدایات کے مطابق اس سال گزشتہ تجربات اور شرکاء کی شکایات کو مدنظر رکھتے ہوئے میلے کے انتظامات میں بہتری لائی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اسٹالز کی ساخت اور ترتیب، راستوں کی کشادگی، سکیورٹی اور پارکنگ کے انتظامات کو بہتر بنانے پر خصوصی توجہ دی گئی ہے تاکہ شرکاء کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومتوں، آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان نے اپنے ہنرمندوں کے ذریعے میلے کو قومی ثقافتی رنگ دینے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ وفاقی سیکرٹری نے پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ سمیت ان تمام اداروں کا شکریہ ادا کیا جو ہنرمندوں کو معاشی مواقع فراہم کرنے اور ان کی صلاحیتوں کو فروغ دینے کے لیے وزارت کے ساتھ تعاون کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لوک میلہ کا مقصد صرف ثقافتی ورثے کی نمائش نہیں بلکہ دستکاروں اور فنکاروں کے لیے روزگار اور آمدنی کے مواقع پیدا کرنا بھی ہے۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر لوک ورثہ ڈاکٹر وقاص سلیم نے اپنے خطاب میں بتایا کہ رواں سال لوک میلے میں 522 اسٹالز قائم کیے گئے ہیں، جن میں ملک بھر کے دستکار، ہنرمند اور فنکار اپنے فن اور مصنوعات پیش کر رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ 250 سے زائد فنکار اس میلے میں شریک ہیں، جبکہ روزانہ 100 سے زائد فنکار اپنی پرفارمنس پیش کریں گے۔ دس روزہ میلے کے دوران تقریباً 1,500 دستکار اور فنکار اپنے ہنر اور فن کے ذریعے شائقین کو پاکستان کی متنوع ثقافت سے روشناس کرائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ لوک میلہ 8 دسمبر تک جاری رہے گا اور روایت کے مطابق دستکار اور فنکار میلے کے آخری روز تک اپنے اسٹالز پر موجود رہیں گے۔ میلے کے دوران موسیقی کی محافل، قوالی نائٹس اور مختلف علاقائی ثقافتی تقریبات بھی منعقد ہوں گی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ میلے کی تقریبات اور ثقافتی سرگرمیاں لوک ورثہ کے فیس بک چینل پر براہ راست نشر کی جائیں گی۔ ڈاکٹر وقاص سلیم نے سفارتی برادری اور دوست ممالک کی شرکت کو سراہتے ہوئے بالخصوص چین، ترکیہ، انڈونیشیا، ازبکستان اور بنگلہ دیش کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے وفاقی وزیر اورنگزیب خان کھچی کی شرکت، سرپرستی اور رہنمائی پر بھی خصوصی اظہار تشکر کیا۔ افتتاحی تقریب میں چیئرپرسن قائمہ کمیٹی محترمہ فرح ناز اکبر، پارلیمانی سیکرٹری، وفاقی سیکرٹری اسد رحمان گیلانی، وزیر مملکت حذیفہ رحمان، ایگزیکٹو ڈائریکٹر لوک ورثہ ڈاکٹر وقاص سلیم، متعلقہ وزارت کے اعلیٰ حکام اور دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی۔ سفارتی برادری کی جانب سے چین، ترکیہ، انڈونیشیا، ازبکستان، بنگلہ دیش اور نیپال کے نمائندگان نے تقریب میں شرکت کی، جبکہ نیپال کی سفیر کی ذاتی شرکت کو بھی خصوصی طور پر سراہا گیا۔

بقیہ نمبر 4

اور ان سے وابستہ عملے کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا ادارے عوام کو باخبر رکھنے اور معلومات کی فراہمی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، اس لیے ان کے دفاتر اور کام کرنے کی سہولیات کو نقصان پہنچنا باعث تشویش ہے۔ انہوں نے وحید محمود خان، اداروں کی انتظامیہ، صحافیوں اور دیگر عملے کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مشکل حالات میں حوصلہ افزائی، تعاون اور حمایت کی اشد ضرورت ہوتی ہے۔ انہوں نے میڈیا سے وابستہ پیشہ ور افراد کی کوششوں کو بھی سراہا جو مشکلات کے باوجود اپنی ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں۔ مس مصباح کھر نے امید ظاہر کی کہ دونوں ادارے عزم، حوصلے اور جرات مندی کے ساتھ اس مشکل صورتحال سے نکلیں گے اور جلد دفاتر کی بحالی اور صحافتی سرگرمیوں کا دوبارہ آغاز ممکن بنا سکیں گے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اداروں کے نقصانات کا بہترین نعم البدل عطا فرمائے، وحید محمود خان اور ان کی ٹیم کو صبر و ہمت دے اور اے این آئی نیوز ایجنسی اور خالد ٹائمز کو مزید ترقی و کامیابی سے نوازے۔ اس موقع پر چیف ایڈیٹر وحید محمود خان نے مس مصباح کھر کا ان کے ہمدردانہ پیغام، نیک تمناؤں اور مشکل وقت میں اظہار یکجہتی پر دلی شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے ان کی جانب سے حوصلہ افزائی اور تعاون کے جذبات کو قابل قدر قرار دیا۔

بقیہ نمبر 5

نومبر کو کیا گیا، تاہم ادارے نے یہ واضح نہیں کیا کہ حملہ کب ہوا اور کتنے افراد کا ڈیٹا متاثر ہوا۔ خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق ذرائع کا کہنا ہے کہ سائبر حملے سے فیفا کے مجموعی ڈیٹا کا 1.0 فیصد سے بھی کم حصہ متاثر ہوا ہے۔ رپورٹس کے مطابق ہیکرز نے فیفا کے سافٹ ویئر میں کسی خامی کا فائدہ اٹھانے کے بجائے ادارے کے ملازمین کا روپ دھار کر رسائی حاصل کی۔ بدنام ہیکنگ کلب نامی ہیکر گروپ نے سوشل میڈیا پر سائبر حملے کی ذمہ داری قبول کرتے ہوئے گزشتہ ہفتے اندرونی دستاویزات کے اسکرین شاٹس جاری کیے تھے۔ گروپ نے 12 گیگا بائٹس سے زائد ڈیٹا چوری کرنے کا دعویٰ بھی کیا۔ ہیکرز کے مطابق چوری شدہ فائلوں میں اعلیٰ حکام کی تفصیلات، مالی ریکارڈ، قانونی دستاویزات اور انکریپشن سے متعلق کاغذات شامل ہیں، تاہم فیفا نے ان دعوؤں کی تصدیق نہیں کی۔ ذرائع کے مطابق فیفا کے منسوخ کیے گئے ورلڈ کپ کمرشل رائٹس منصوبے سے متعلق دستاویزات اس سائبر حملے سے متاثر نہیں ہوئیں۔ فیفا نے ذاتی معلومات کی چوری اور ان کی آن لائن تشہیر کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے رازداری کی سنگین خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ ادارے کا کہنا ہے کہ واقعے کی تحقیقات اور نقصان پر قابو پانے کے لیے قانون نافذ کرنے والے اداروں اور سائبر سکیورٹی حکام کے ساتھ مل کر کام کیا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 6

میں محمد تنصیر، ہیڈ آف سیکشن، سکالرشپ پروگرامز، مشرق وسطیٰ و شمالی افریقہ، محترمہ یاسمین پراچہ، ڈائریکٹر ڈی اے اے ڈی اسلام آباد بھی شامل تھے۔ سیمپوزیم کے آغاز پر پروفیسر ڈاکٹر جہانزیب مسعود، ڈین فیکلٹی آف ایگریکلچرل انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی نے معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے یونیورسٹی کی تدریسی، تحقیقی اور زرعی توسیعی سرگرمیوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر شعبہ انرجی سسٹمز انجینئرنگ کے ڈاکٹر وسلان افضل اور یونیورسٹی آف پرنس ایڈورڈ آئی لینڈ کینیڈا کے ڈاکٹر اعتزاز اے فاروق نے بھی تکنیکی لیکچرز دیے، جس میں پائیدار زراعت کے فروغ کے لیے جدید ٹیکنالوجیز اور سائنسی ترقی پر روشنی ڈالی گئی۔ سیمپوزیم کے مہمان خصوصی مسٹر محمد تنصیر نے اپنے خطاب میں اعلیٰ تعلیم اور سائنسی ترقی کے فروغ کے لیے بین الاقوامی تعلیمی تعاون، تحقیقی شراکت داری اور تعلیمی مواقع کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے بارانی زرعی یونیورسٹی کی جانب سے تحقیق، جدت اور بین الاقوامی روابط کے فروغ کے لیے کی جانے والی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ زراعت کو درپیش جدید چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مشترکہ تحقیقی و علمی کوششیں نہایت اہمیت کی حامل ہیں۔ اختتامی کلمات میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان نے اعلیٰ تعلیم، تحقیق اور بین الاقوامی تعلیمی روابط کے فروغ میں ڈی اے اے ڈی کی دیرینہ خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسی بین الاقوامی شراکت داریاں علم و تجربات کے تبادلے، استعداد کار میں اضافے اور تحقیقی معیار کو بہتر بنانے کے لیے اہم مواقع فراہم کرتی ہیں۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ جرمن جامعات اور بارانی زرعی یونیورسٹی کے مابین تعاون کے نئے امکانات پیدا ہوں گے جس سے تدریسی و تحقیقی سرگرمیوں کو مزید وسعت ملے گی۔ سیمپوزیم کے بعد جرمن وفد نے یونیورسٹی کے مختلف تحقیقی مراکز، اداروں اور جدید سائنسی سہولیات کا دورہ کیا، جہاں انہیں یونیورسٹی کی تعلیمی و تحقیقی استعداد اور سائنسی سرگرمیوں کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ وفد نے باہمی دلچسپی کے شعبوں میں دو طرفہ تعاون کے ممکنہ امکانات کا بھی جائزہ لیا۔ سٹوڈنٹس ویک 2026 کے تحت دن بھر مختلف علمی و ہم نصابی سرگرمیوں کا سلسلہ بھی جاری رہا، جن میں فیکلٹی آف سائنسز اور یونیورسٹی انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ سائنسز کے زیر اہتمام تحقیقی سیمینارز، ڈائریکٹوریٹ آف ایڈوانسڈ سٹڈیز کے زیر اہتمام پوسٹر پریزنٹیشن اور انسٹی ٹیوٹ آف اینیمل سائنسز میں پولٹری اینڈ ڈیری ریسرچ فورم کا افتتاح شامل تھا۔

بقیہ نمبر 7

اور ماہر گھڑسواروں نے شرکت کی۔ مقابلوں میں گھڑ سواروں نے اپنی مہارت، پھرتی اور فن کا شاندار مظاہرہ کر کے شائقین سے خوب داد وصول کی۔ ایونٹ کا اہتمام راجہ گوہر اقبال، چوہدری جمیل گجر، چوہدری ابوبکر گجر اور ان کی ٹیم مسٹر گوہر خان کی جانب سے کیا گیا۔ اس موقع پر منتظمین کی خصوصی

اسلام آباد، وفاقی وزیر اورنگزیب کھچی، حذیفہ رحمن و دیگر کا لوک ورثہ میں لوک میلہ کے موقع پر گروپ فوٹو

لوک میلہ پاکستان کی ثقافتی شناخت، علاقائی تنوع اور قومی یکجہتی کا مظہر ہے

اورنگزیب خان کھچی

پاکستان میں ہنر، ثقافت اور تخلیقی صلاحیتوں کی کوئی کمی نہیں، ضرورت ان صلاحیتوں کو سامنے لانے اور انہیں مناسب مواقع فراہم کرنے کی ہے

لوک میلے میں نمایاں خدمات انجام دینے والے ہنرمندوں کی حوصلہ افزائی بھی کی جا رہی ہے، وفاقی وزیر کا افتتاحی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کھچی نے کہا ہے کہ لوک میلہ پاکستان کی ثقافتی شناخت، علاقائی تنوع اور قومی یکجہتی کا مظہر ہے جس کے ذریعے ملک بھر کے ہنرمندوں، دستکاروں اور فنکاروں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار اور روزگار کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ہنر، ثقافت اور تخلیقی صلاحیتوں کی کوئی کمی نہیں، ضرورت ان صلاحیتوں کو سامنے لانے اور انہیں مناسب مواقع فراہم کرنے کی ہے۔ لوک میلہ 2026 کی افتتاحی تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

سینیٹ کمیٹی کے اراکین کا سکاکوٹ اور درگئی کے صنعتی یونٹس کا دورہ

ٹیکس استثنیٰ کے نام پر ملک کے خزانے کو اربوں روپے کا نقصان پہنچایا گیا، سیف اللہ ابڑو

ملاکنڈ/اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) سینیٹ کی ذیلی کمیٹی کے کنوینر سینیٹر سیف اللہ ابڑو کی سربراہی میں تین رکنی کمیٹی بشمول سینیٹر طلحہ محمود اور سینیٹر عمر فاروق نے ایف آئی اے اور ایف بی آر حکام کے ساتھ سکاکوٹ اور درگئی میں واقع مختلف صنعتی یونٹس، خصوصاً گھی ملوں، اسٹیل ملز اور چائے کے کارخانوں کا ہنگامی دورہ اور معائنہ کیا۔ یہ دورہ فاٹا اور پاٹا (ٹیکس سے مستثنیٰ علاقوں) کی اہم (2018 تا 2026) کے تحت درآمد کیے جانے والے خام مال میں مبینہ طور پر 400 ارب روپے کی مبینہ ٹیکس چوری کی تحقیقات کے سلسلے میں کیا گیا۔ معائنے کے بعد میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے سینیٹ کے ذیلی کمیٹی کے کنوینر سیف اللہ ابڑو نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

رومانیہ کے قومی دن پر اسلام آباد میں

استقبالیہ، اہم شخصیات کی شرکت

موجودہ پیچیدہ عالمی حالات کے باوجود رومانیہ کی بنیادی ترجیحات برقرار ہیں، ڈاکٹر ڈان

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) رومانیہ کے قومی دن کے موقع پر پاکستان میں رومانیہ کے سفارت خانے کے زیر اہتمام استقبالیہ منعقد ہوئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

مس مصباح کھر کا نجی نشریاتی ادارہ کے دفتر میں آتشزدگی واقعے پر اظہار افسوس

امید ہے ثابت قدمی کے ساتھ مشکل صورتحال سے نکلیں گے، ایڈوائزر چیئرمین سینیٹ

اسلام آباد (پ ر) چیئرمین سینیٹ کی ایڈوائزر مس مصباح کھر نے اے این آئی نیوز ایجنسی، ڈیجیٹل چینلز اور ای ڈی او کے دفتر میں پیش آنے والے آتشزدگی کے افسوسناک واقعے پر گہرے دکھ اور تشویش کا اظہار کرتے ہوئے چیف ایڈیٹر وحید محمود خان اور پوری میڈیا ٹیم سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ اپنے پیغام میں مس مصباح کھر نے کہا کہ یہ واقعہ انتہائی افسوسناک ہے، جس کے باعث ادارے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

جرمن وفد کا بارانی یونیورسٹی کا دورہ، تعلیمی و تحقیقی تعاون کے فروغ میں اظہار دلچسپی

بین الاقوامی شراکت داریاں تحقیقی معیار کو بہتر بنانے کیلئے اہم مواقع فراہم کرتی ہیں، ڈاکٹر قمر

راولپنڈی (نمائندہ شہرنامہ) پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی میں جاری سٹوڈنٹس ویک 2026 کے سلسلے میں یونیورسٹی کی فیکلٹی آف ایگریکلچرل انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کے زیر اہتمام پائیدار زراعت کے فروغ کے لیے جدید ٹیکنالوجیز کی اہمیت پر ایک بین الاقوامی سیمپوزیم کا انعقاد کیا گیا، جس میں جرمنی کی مختلف جامعات سے تعلق رکھنے والے ممتاز سائنسدانوں اور محققین پر مشتمل وفد نے شرکت کی۔ اس موقع پر وائس چانسلر، رجسٹرار کے علاوہ دیگر عہدیداران، جن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

فیفا پر سائبر حملہ، ہیکرز نے ذاتی و کاروباری معلومات چوری کر لیں

دبئی (پی این پی) عالمی فٹبال کی گورننگ باڈی فیفا نے سائبر حملے کی تصدیق کر دی، ہیکرز نے ادارے کی محدود ذاتی اور کاروباری معلومات تک رسائی حاصل کی۔ فیفا کے مطابق سائبر حملے کا انکشاف جمعرات 26 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

جشن گوجرخان کے موقع پر نیزہ بازی کا شاندار میگا ایونٹ، ملک بھر سے 130 کلبوں کی شرکت

گوجرخان (بیورو رپورٹ) جشن گوجرخان کی تقریبات کے سلسلے میں میٹرو سٹی گوجرخان میں نیزہ بازی کے ایک شاندار میگا ایونٹ کا انعقاد کیا گیا جس میں پاکستان بھر اور آزاد کشمیر سے 130 نامور نیزہ بازی کلبوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

گوجرخان، ترقیاتی منصوبے پر دوبارہ کام شروع کرنے کی تیاریاں

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان میں انڈر پاسز اور سروس روڈز کے ترقیاتی منصوبے پر دوبارہ کام شروع کرنے کی تیاریاں، اسسٹنٹ کمشنر سیدہ زینب حسین کی ہدایت پر تجاوزات کے خاتمے کے لیے سروے کا آغاز، عارضی کھوکھے، ریڑھیاں اور دکانوں کے باہر سامان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

این سی سی آئی اے لاہور کے تعلیمی ادارے میں سائبر آگاہی سیشنز

حکام نے طلبہ، اساتذہ اور اسکول انتظامیہ کو سائبر سیکیورٹی اور ڈیجیٹل ذمہ داریوں سے آگاہ کیا

لاہور (کرائم رپورٹر) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) لاہور کی جانب سے لرننگ الائنس انٹرنیشنل اسکول میں دو روزہ سائبر آگاہی سیشنز کا انعقاد کیا گیا جس میں طلبہ کو محفوظ انٹرنیٹ کے استعمال اور سائبر جرائم سے بچاؤ کے حوالے سے تفصیلی رہنمائی فراہم کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق این سی سی آئی اے لاہور کے ایڈیشنل ڈائریکٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

اسلامی یونیورسٹی سعودی اداروں کیساتھ تعلیمی تعاون کو وسعت دینے کیلئے پرعزم

ڈاکٹر سعد الاحمد

دفاعی معاہدہ پر اجلاس پاکستان پر کیے گئے اعتماد اور علاقائی امن میں اس کے تعمیری کردار کا آئینہ دار ہے

یونیورسٹی کا قیام اسلامی علوم اور جدید علوم کو امت مسلمہ کی خدمت کے لیے یکجا کرنے کے مقصد سے عمل میں آیا تھا

اسلام آباد (اے پی پی) بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کے قائم مقام ریکٹر و صدر پروفیسر ڈاکٹر احمد سعد الاحمد نے مملکت سعودی عرب کے ساتھ تعلیم کے شعبے میں تعاون کے نئے امکانات تلاش کرنے کے لئے جامعہ کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

راولپنڈی، نجی سکول میں آگاہی سیشن کے بعد طلبہ و اساتذہ کا گروپ فوٹو

گوجرخان، 16 سالہ لڑکی کا مبینہ اغواء کا واقعہ، 4 افراد کیخلاف مقدمہ

سائل کا بیٹا شہریار ساتھیوں راشد، ساجد اور ساحل کے ہمراہ بیٹی کو گاڑی میں بٹھا کر لے گیا، والد

گوجرخان (بیورو رپورٹ) پولیس سرکل گوجرخان کے تھانہ مندرہ کے علاقے موہڑہ مشراں سے 16 سالہ لڑکی کے مبینہ اغواء کا واقعہ، چار افراد کے خلاف مقدمہ درج کر کے پولیس نے تفتیش شروع کر دی۔ تفصیلات کے مطابق درخواست گزار، جو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

پی سی بی نے آئرلینڈ کرکٹ ٹیم کے پہلے دورہ پاکستان کے شیڈول کا اعلان کر دیا

لاہور (پی این پی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے آئرلینڈ کے خلاف ہوم وائٹ بال سیریز کے شیڈول کا اعلان کر دیا۔ واضح رہے کہ آئرلینڈ کی کرکٹ ٹیم پہلی بار پاکستان کے دورے پر آئے گی جس دوران (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

سینڈ پیپر گیٹ اسکینڈل کی نئی تحقیقات کا دائرہ وسیع

میلبورن (پی این پی) کرکٹ آسٹریلیا (سی اے) نے 2018 کے بدنام زمانہ بال ٹیمپرنگ سکینڈل یا سینڈ پیپر گیٹ کے حوالے سے قائم کردہ نئے آزاد فورم کی تحقیقات کا دائرہ کار وسیع کرتے ہوئے اس میں انگلینڈ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

لاہور قلندرز و سپورٹس بورڈ پنجاب میں معاہدہ

لاہور (پی این پی) پاکستان سپر لیگ کی فرنچائز لاہور قلندرز اور سپورٹس بورڈ پنجاب نے صوبے بھر سے باصلاحیت نوجوان کھلاڑیوں کی تلاش اور انہیں جدید (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

آئی ایل ٹی 20 میں ابراہیم زدران اور خضیمہ تنویر کی شاندار کارکردگی

دبئی (پی این پی) ڈی پی ورلڈ آئی ایل ٹی 20 سیزن 5 میں پے درپے [illegible] کے بعد گلف جائنٹس کے ابراہیم زدران اور [illegible] (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

آئی ایل ٹی 20: ایم آئی ایمریٹس نے ابوظہبی نائٹ رائیڈرز کو 36 رنز سے شکست دے دی

ابوظہبی (پی این پی) ڈی پی ورلڈ آئی ایل ٹی 20 سیزن 5 میں ایم آئی ایمریٹس نے ابوظہبی نائٹ رائیڈرز کو 36 رنز سے شکست دے کر سیزن کی دوسری کامیابی حاصل کر لی۔ زاید کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں [illegible] بیٹنگ اور ایم آئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

SHEHAR NAMA
شہرنامہ

شکایات سیل

- ★ آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
- ★ آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جا رہا ہے۔
- ★ آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
- ★ آپ کا حق تلف کیا گیا
- ★ آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جا رہا ہے
- ★ آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
- ★ آپ کسی گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
- ★ آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
- ★ آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
- ★ یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔

تو ہم سے رابطہ کریں۔

سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356

پاکستان، سعودیہ اور ترکیہ کا متحد ہونا خوش آئند ہے، نورین اسلم

تاریخی اجلاس امت مسلمہ کے اتحاد اور علاقائی سلامتی کے لیے سنگ میل ہے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) پاکستان ڈیجیٹل میڈیا جرنلسٹ ایسوسی ایشن کی سینئر صدر برائے خواتین نورین اسلم المعروف نورانی باجی نے اسلام آباد میں ہونے والے اس تاریخی اجلاس کا بھرپور خیرمقدم کرتے ہوئے اسے امت مسلمہ کے اتحاد اور علاقائی سلامتی کے لیے سنگ میل قرار دیا ہے۔ اپنے خصوصی بیان میں نورین اسلم نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا ایک پلیٹ فارم پر متحد ہونا مسلم دنیا کے لیے خوش آئند ہے اور پاکستان کی جانب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

حکومت پنجاب محنت کشوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنے کیلئے پرعزم، غلام شبیر

لیبر قوانین پر عملدرآمد یقینی بنانے کیلئے آگاہی و نفاذ مہم شروع کی گئی، ڈائریکٹر لیبر ویلفیئر راولپنڈی

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) غلام شبیر کیانی، ڈائریکٹر لیبر ویلفیئر راولپنڈی نے کہا ہے کہ محکمہ محنت و انسانی وسائل، حکومت پنجاب، صوبہ بھر کے صنعتی اور تجارتی اداروں میں کام کرنے والے محنت کشوں کو محفوظ اور صحت مند ماحول فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ محترمہ کرن رانا، سیکرٹری محکمہ محنت و انسانی وسائل، حکومت پنجاب، لاہور کی ہدایات کی روشنی میں راولپنڈی ڈویژن کے صنعتی اور تجارتی اداروں میں کام کرنے والے محنت کشوں میں پیشہ ورانہ تحفظ اور صحت سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

مذہبی مقدسات کے احترام کیلئے پاکستان کو موثر کردار ادا کرنا چاہیے، جلیل شرقپوری

مذہب، مقدس کتاب یا مذہبی عقیدے کی دانستہ توہین کو کسی صورت معمول کی بات نہیں بنایا جانا چاہیے

گوجرخان (بیورو رپورٹ) آزادی اظہار کے نام پر کسی مذہب، مقدس کتاب یا مذہبی عقیدے کی دانستہ توہین کو کسی صورت معمول کی بات نہیں بنایا جانا چاہیے۔ عالمی برادری کو مقدسات کے احترام اور ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے موثر اقدامات کرنے چاہئیں۔ گزشتہ دو سال سے توجہ دلانے کے باوجود عالمی مقدمہ کے طور پر محفوظ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

مانسہرہ تجاوزات آپریشن کا رگڑا جاری، منتخب قیادت کا فقدان

تاجران مانسہرہ رل گئے، تجاوزات آپریشن نے تاجر برادری کا کاروبار تباہ کر دیا

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) مانسہرہ تجاوزات آپریشن کا رگڑا جاری، منتخب قیادت کا فقدان، تاجران مانسہرہ رل گئے، تجاوزات آپریشن نے تاجر برادری کا کاروبار تباہ کر دیا، تاجروں کی اکثریت اپنی دکانات و املاک بچانے کیلئے متحرک، بٹے و بکھرے رہے تو تاجر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

ڈی آئی جی علی وسیم کی کھلی کچہری، شہریوں کی شکایات پر احکامات صادر

شہریوں کے مسائل کا فوری اور میرٹ پر حل اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے، گفتگو

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا جہاں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور اپنے مسائل و شکایات پیش کیں۔ تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی علی وسیم نے شہریوں کی شکایات تفصیل سے سنیں اور ان کے فوری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

پنڈوڑیاں قدیمی راستوں کی بندش، خرم نواز کی متاثرین کو معاملہ حل کی یقین دہانی

معاملے پر سی ڈی اے حکام سے بات ہوئی ہے، راستے کی فراہمی کے لیے کہا گیا ہے

اسلام آباد (سردار وقار احمد) پنڈوڑیاں میں مازان قبرستان کی تعمیر کے باعث کئی دہائیوں سے موجود قدیمی راستوں کی بندش کا معاملہ قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 48 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

مصالحہ جات میں مصنوعی رنگوں، سڑے چاول استعمال کا انکشاف

پشاور ضلعی انتظامیہ کا چھاپہ، 2 یونٹس سیل، خلاف ورزی کرنیوالے جیل منتقل

پشاور (نمائندہ شہرنامہ) چارسدہ روڈ پر مصالحہ جات تیار کرنے والے دو یونٹس کا معائنہ، بوریوں میں سڑے ہوئے چاول اور مصنوعی رنگوں کے استعمال کا انکشاف، دونوں یونٹس سیل، خلاف ورزی کرنے والے جیل منتقل۔ ڈپٹی کمشنر پشاور آفاق وزیر کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ پشاور نے مصدقہ اطلاع پر چارسدہ روڈ پر مرچ منڈی میں مصالحہ جات تیار کرنے والے دو یونٹس کا معائنہ کیا۔ کارروائی کے دوران انکشاف ہوا کہ مذکورہ یونٹس میں مصالحہ جات کی تیاری کے لیے بوریوں میں سڑے ہوئے چاول اور مصنوعی رنگوں کا استعمال کیا جا رہا تھا۔ ضلعی انتظامیہ نے فوری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

اسلام آباد، بھاری مشینری کے ساتھ کھنہ پل انٹرچینج پر کام جاری ہے

جماعت اسلامی کا جلسہ پنجاب کے سیاسی رخ کا تعین کریگا، جواد

تمام صوبوں میں جماعت اسلامی کی شناخت اور سیاسی جدوجہد کا آغاز ثابت ہوگا

گوجرخان (بیورو رپورٹ) 29 نومبر کو مینار پاکستان پر جماعت اسلامی کا جلسہ پنجاب کے سیاسی رخ کا تعین کرے گا، حافظ نعیم الرحمان نے عوام کے ریلیف کی خاطر جو تحریک چلائی، سستا پٹرول اور آئی پی پیز کے حوالے سے جماعت اسلامی کی قیادت کی جدوجہد روز روشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

ایچ آر ایل ایف کے زیر اہتمام بچوں کے عالمی دن بارے آگاہی سیشنز

بچوں کے حقوق کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، صدر HRLF روبن داو

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) ہیومن رائٹس فیلوشپ آف لائرز (ایچ آر ایل ایف) کے زیر اہتمام راولپنڈی کے ایک نجی اسکول میں بچوں کے عالمی دن کے حوالے سے آگاہی سیشن منعقد کیا گیا، جس میں بچوں کے حقوق کے تحفظ، تعلیم تک رسائی، مساوات، عزت و (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے

SPS

شہکی پرنٹرز

جنرل آرڈر سپلائر

ایوارڈ شیلڈز، کی چین، پن پرنٹنگ، شرٹس پرنٹنگ، بیج اینڈ لوگو میکر، گرافکس ڈیزائننگ

وزیٹنگ کارڈ، لیٹر پیڈ، سائن بورڈ، ٹائی، فائل، بل بکس، سکول کاپی، پارٹی پرچم، اشتہارات، بروشرز، سکول ڈائری، سٹیکر

شادی کارڈ
ارجنٹ اینڈ ہول سیل

پینافلیکس ڈیجیٹل
اور آرٹ ورک، ہورڈنگز

ہیڈ آفس عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی
سب آفس ترامڑی چوک اسلام آباد

0333-5108083
0315-5108083

LOK MELA 2026
INAUGURAL CEREMONY

اسلام آباد، لوک ورثہ میں لوک میلے کی افتتاحی تقریب میں فنکار اپنے فن کا مظاہرہ کر رہے ہیں

سی ڈی اے، ایئر یونیورسٹی کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر اتفاق

تعمیراتی کاموں کے دوران گرد و غبار کو روکنے کیلئے پانی کے چھڑکاؤ اور کٹائی کے دوران احتیاطی تدابیر اختیار کی جائیں گی

سیکٹر 9-I اور 10-I میں انڈسٹریل یونٹس کے کمروں کی نگرانی کو یقینی بنایا جائے گا، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ اقدامات اٹھائے جائیں گے

سموگ اور ماحولیاتی آلودگی ایک قومی چیلنج ہے جس سے نمٹنے کیلئے موثر حکمت عملی وضع کی جا رہی ہے، چیئرمین سہیل اشرف

اسلام آباد (اے پی پی) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف کی زیر صدارت وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں سموگ اور ماحولیاتی آلودگی پر قابو پانے کیلئے سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں اجلاس منعقد ہوا۔ جاری بیان کے مطابق اجلاس میں ممبر انوائرنمنٹ عبداللہ خرم نیازی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر اسلام آباد ڈاکٹر انعم فاطمہ سمیت سی ڈی اے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

این سی سی آئی اے کا شکایات کے نظام کو جدید بنانے کا فیصلہ

سافٹ ویئر، ہیلپ لائن اور کمپلینٹ مینجمنٹ یونٹ اپ گریڈ کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (سردار وقار احمد) ڈائریکٹر جنرل نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی سید علی ناصر رضوی نے شہریوں کی شکایات کے فوری اور موثر ازالے کے لیے ادارے کے سافٹ ویئر، ہیلپ لائن کال سینٹر اور کمپلینٹ مینجمنٹ یونٹ (CMU) کو جدید تقاضوں کے مطابق اپ گریڈ کرنے کے احکامات جاری کر دیے۔ تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل این سی سی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد، ڈائریکٹر جنرل این سی سی آئی اے سید علی ناصر رضوی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پٹرول پمپ کی زیر زمین ٹینکی سے دو مزدور بے ہوشی کی حالت میں برآمد

پشاور (نمائندہ شہرنامہ) جھگڑا اسٹاپ کے قریب ایک نجی پٹرول پمپ کی پٹرول ذخیرہ کرنے والی ٹینکی کی صفائی کے دوران دو مزدور بے ہوش ہو گئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کے کنٹرول روم نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

نامعلوم افراد اسلحہ دکھا کر مزدوروں سے 36 ہزار روپے چھین کر فرار

گوجرخان (بیورو رپورٹ) پولیس سرکل گوجرخان کے تھانہ مندرہ کے علاقے بھاد میں علی الصبح مسلح ڈکیتی کی واردات، موٹر سائیکل سوار تین نامعلوم افراد مزدوروں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

گوجرخان سٹی ٹریفک پولیس بھی متحرک ہو گئی

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان میں دو انڈر پاسز سمیت بڑے ترقیاتی منصوبوں کے پیش نظر اسسٹنٹ کمشنر کی جانب سے انتظامی سرگرمیاں تیز کیے جانے کے بعد سٹی ٹریفک پولیس بھی متحرک ہو گئی، شہر بھر میں تجاوزات کے ساتھ غیر قانونی پارکنگ اور غیر قانونی رکشہ اسٹینڈز کے خلاف کارروائیوں میں تیزی آ گئی۔ انچارج ٹریفک سرکل گوجرخان چوہدری کامران نے تمام سیکٹر انچارج اور ٹریفک وارڈنز کو ٹارگٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

رانا افتخار احمد کے ایصال ثواب کے لیے قرآن خوانی

دعائیہ تقریب میں سابق وزیر اعظم آفندی، ایڈیٹر راجہ جاوید سمیت اہم شخصیات کی شرکت

راولپنڈی (شہرنامہ نیوز) مرحوم رانا افتخار احمد جوجیہ کے ایصال ثواب کے لیے قرآن خوانی اور دعائے مغفرت کا اہتمام گزشتہ روز میاں خرم جوجیہ کی رہائش گاہ بحریہ ٹاؤن میں کیا گیا، قرآن خوانی اور دعائے مغفرت کی اس تعزیتی تقریب میں میاں خرم احمد جوجیہ کے دوست احباب اہل خانہ نے شرکت کی اور مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے قرآن خوانی اور دعائے مغفرت میں حصہ لیا، ڈاکٹر اسرار لال سابق وفاقی وزیر، بریگیڈیئر اعظم آفندی، عامر حسین خان جان نکیل، عامر نواز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

رانا افتخار احمد کے ایصال ثواب کے لیے قرآن خوانی اور دعائے مغفرت کی تقریب میں سابق وزیر اعظم آفندی، راجہ جاوید اختر و دیگر شریک ہیں

فرقان ڈار، 7 تھانوں کی پولیس بھی ناکام، دارالحکومت فراڈیوں کیلئے جنت بن گیا

سادہ لوح لوگوں سے لاکھوں روپے کا فراڈ، تھانہ کوہسار، شہزاد ٹاؤن، نیلور میں مقدمات، پولیس، انتظامیہ ہاتھ نہ ڈال سکی

پراپرٹی کا کام کرنے والا نوسرباز بغیر کسی ڈر کے فراڈ کی کارروائیوں میں مصروف، متاثرین کا حکام سے نوٹس لیکر انصاف دلانے کا مطالبہ

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد کے ایک شاطر نوسرباز نے وفاقی دارالحکومت کے 7 تھانوں کی پولیس کو ماموں بنا دیا، فراڈیے پر مختلف تھانہ جات میں 4 سے زائد مقدمات درج ہونے کا انکشاف، سادہ لوح شہری انصاف کی خاطر در بدر ہو گئے، نوسرباز فراڈیے مرزا فرقان بیگ نے بیوہ خاتون کو بھی نہ بخشا، متاثرین میں خواتین سمیت مختلف بزنس مین سرکاری ملازمین بھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

بالاکوٹ، جرید جیپ حادثے کے زخمی افراد ہسپتال میں زیر علاج ہیں

رائزنگ اسٹارز ایشیا کپ میں بھارت کے خواب چکنا چور

دوحہ (پی این پی) رائزنگ اسٹارز ایشیا کپ کے پہلے سیمی فائنل میں سری لنکا نے بھارت اے کو 8 وکٹوں سے شکست دے کر فائنل میں جگہ بنا لی۔ کرک انفو کی رپورٹ کے مطابق بھارت اے نے پہلے بیٹنگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

بالاکوٹ جرید بیاڑی، جیپ حادثے کا شکار، 6 افراد زخمی

ضروری طبی امداد دینے کے بعد تمام زخمیوں کو کنگ عبداللہ ہسپتال مانسہرہ منتقل کر دیا گیا

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) بالاکوٹ جرید بیاڑی کے مقام پر جیپ حادثے کا شکار، 6 افراد زخمی، امدادی کارروائی کے دوران تمام زخمی بالاکوٹ ہسپتال منتقل، تفصیلات کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

Safwan
Marquee & Event Lawn

سفوان
مارکی اینڈ ایونٹ لان

کی خدمات آپ کے لیے ہمہ وقت حاضر ہیں

آپکے دلوں کی دھڑکن
آپکی خدمت میں پیش پیش

- کارپوریٹ
- کانفرنس/سیمینار
- فیشن شو/گالا ایونٹس
- میرج ایونٹ
- سالگرہ پارٹی
- میوزیکل پروگرام
- مہندی فنکشن

اسپیشل بکنگ آفر
مناسب پیکج بکنگ جاری ہے

ایڈوانس بکنگ جاری ہے

پارک روڈ بالمقابل بائش سٹی نزد لنک حماد یونیورسٹی اسلام آباد

فون نمبر: 03320491234، 03310491234، 051-2321105-7